انکو مبعوث فرمایا اور سب فرشتگان وجن وانس مین افضل ٹھہرایا مین ہزار جان ودل سے
درود بھیجتا ہون اُنپر اور اونکے سب آل واصحاب اور ازواج پر بعد اسکے اذل الثقلین طالب
بہبود دارین ہرزہ گرد کوے نادانی محمد فاخر حسین ابن منشی احتشام الدین محمد صاحب مرحوم
مغفور صدیقی سہسوانی عفا اللہ عنہما خدمت مین برادران دینی ومخلصان یقینی کے عرض کرتا ہے
کہ عزیزی مولوی حافظ سید اقبال حسین صاحب ہمشیرہ زادہ اور خال بافضال عالی مناقب
میر مظہر علی صاحب رئیس اعظم شہر نے ایک رقعہ حسب ذیل محمد نیاز حسن خانصاحب کا جسکی عبارت
یہہ ہے - ورینولا اہل سنت والجماعت مین دو فرقے ہوئے ہین ایک ایک کو وہابی اور دوسرا
دوسرے کو بدعتی وہابی کہتا ہے اور مسائل مفصلہ ذیل پر باہم دونون کی بحث ہے آپکو اس بارہ
مین جو کچھہ تحقیق ہوئی ہو بلا کم وکاست لکھہ دیجیے کہ بطور دستور العمل اپنے پاس رکھون +
سوال اوّل اہل سنت والجماعت کے کیا معنی ہین اور بدعت شرع مین کس چیز کو
کہتے ہین اور سب بدعات ضلالت ہین یا کوئی مستحسن بھی ہے + **سوال دوم** جو مسائل
کہ بالفعل بین العلما مختلف فیہ ہین اونمین عوام کو تقلید کسکی کرنی چاہیئے + **سوال سوم**
استعانت اہل قبور سے جایز ہے یا نہین اور سفر کرکے خاص واسطے زیارت اہل قبور کے جانا
اور ہر سال قبر پر یا حوالی مین اوسکے کثرت سے چراغ جلانا کہ جسکو عرس کہتے ہین اور قوالون کا
راگ یا مزامیر ہونا اور قبر پر غلاف ڈالنا اور میت کے واسطے چادر چڑہانا اور طواف کرنا اور
بوسہ دینا اور سجدہ کرنا درست ہے یا نہین + **سوال چہارم** کھانا سامنے رکھکر ہاتھہ
اوٹھاکر فاتحہ پڑھنا کیسا ہے اور تعیین سوم و دہم و چہلم وغیرہ جو واسطے ایصال ثواب کے

کر لیتے ہیں درست ہے یا نہیں + سوال پنجم گچ کرنا قبر پر اور مقبرہ بنانا درست ہے یا نہیں + سوال ۶
بتخصیص ربیع الاول مولد شریف کا پڑھنا اور اوسوقت لوبالکا جلانا اور تعظیماً وقت ذکر
ولادت قیام کرنا اور آدمیوں کا بلانا اور شیرینی تقسیم کرنا اس ہیئت مجموعی کے ساتھ منعقد
کرنا مجلس کا درست ہے یا نہیں + سوال ہفتم مشہور ہے کہ امت محمدیہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام
تہتر فرقے ہیں اور اونمیں سے بہتر ناری ہیں اور ایک ناجی اور ہر فرقہ والے فقط اپنے آپکو
ناجی کہتے ہیں پس نفس الامر میں کونسا فرقہ ناجی ہے + سوال ہشتم گیارھوین حضرت
پیران پیر کی الطریق سنت یا توقع نفع دنیوی کے جو اکثر لوگ کرتے ہیں درست ہے یا نہیں +
سوال نہم شریعت میں مسئلہ کس چیز سے ثابت ہوتا ہے اور مجتہدین سے خطا بھی ہوتی ہے
یا نہیں + سوال دہم سوائے اللہ رب العزت کے اور کسی شخص کی غیب دانی بھی ثابت ہے یا نہیں +
سوال یازدہم مثل حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خالق بر حق اگر چاہے تو اور بھی
خلق کر سکتا ہے یا نہیں + سوال دوازدہم شیخ سدو کا بکرا علی کبیر کی گائے بار کا مرغا
شاہ عبدالحق کا توشہ درست ہے یا نہیں + سوال سیزدہم مدار بخش سالار بخش پیر بخش نبی بخش
بندہ حسن عبدالنبی علی نذر العباس اور اسی قسم کے نام رکھنا کہ جنمیں نسبت انبیاء اللہ یا اولیاء اللہ کے
ہوتی ہو کیسا ہی + سوال چہاردہم شفاعت حضرت پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی باذن
اللہ ہوگی یا حاجت اذن جدید کی نہیں اور یہہ جو لوگ کہتے ہیں کہ تقویۃ الایمان میں آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کو بڑا بھائی لکھا ہے صحیح ہے یا غلط اگر صحیح ہے تو اسکا کیا مطلب ہے اور
یہہ بھی مشہور ہے کہ تقویۃ الایمان میں بڑی سے بڑی مخلوق کے حق میں لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی

شان کے سامنے چمار سے بھی ذلیل زیادہ ہے آیا یہہ قول موجب کفر اور باعث گستاخی ہے یا نہین ***سوال پانزدہم*** نماز غوثیہ کا پڑھنا کیسا ہے ** ***سوال شانزدہم*** تعزیہ بنانا اور مرثیہ پڑھنا اور اوسپر کونڈا چڑھانا اور عرضی لکھکر آویزان کرنا اور تعزیہ دارون کو شربت پلانا اور مہندی منت کی چڑھانا اور عشرہ محرم مین غم کرنا درست ہے یا نہین بینوا توجروا ۔

راقم کو دیگر فرمایا کہ ہمکو بسبب اشتغال کثیرہ جواب لکھنے کی فرصت نہین تجکو کسی قدر اطمینان ہے اور ان مسائل کی طرف توجہ بھی زاید ہے اور تصحیح امور دینی اور مثوبات یقینی سب کامون مین اہم ہے اور اوسکی تحریر و ترقیم مین فائدہ اتم ہے کیونکہ اکثر اشخاص منشا نزاع سے غافل اور تحقیق حق سے عاطل تو جواب مسائل مسئولہ کا لکھ دے احقر جسقدر عذر کم بضاعتی اور بے استعدادی درمیان مین لایا انتہای اوسطرف سے اصرار و استبداد بڑہا ناچار بموجب المامور معذور جواب سوالات کا جو زبان فضلا ذوی الاقتدار و کتب رسایل علماے نامدار سے محقق ہوا تھا بہ سند آیات و احادیث و آثار صحابہ بلا تعصب و بغیر نفسانیت کے بطور قول فیصل لکھا اور نام تاریخی اس رسالہ کا قانون شریعت محمدی رکھا اور جو عمدہ دلیلین اور مضمون رسائل طرفین مین مرقوم تھے اونکو اسمین مذکور کیا اور قیل و قال اور طول مقال کو متروک و مہجور رکھا اور جو بات تصریحاً اور استنباطاً مخالفین کے کلام سے نکلتے تھے اور اونکا مطلب اون سے ثابت ہوتا تھا اوسکو پیرایہ سوال مین ذکر کیا اور جتنی باتین رسایل مخالفین مین نظر پڑین اونکو تکمیل و تتمیم بحث کے لئے ذکر کیا مگر مقصود اس عاجز کا جواب اون رسایل کا نہین اسلئے کہ بموجب مصرعہ مشہورہ ع امور مصلحت ملک خسروان دانند * مخالفین

اور جن لوگون سے مخاطبہ اور مباحثہ ہے وہ اون رسائل وکتب کا جواب لکھتے ہین اونکے
مینے فقط تکمیل بحث اور تتمیم بحث کے لئے سیف الاسلام وافادات صمدیہ واحمدیہ سے اس نظر
سے بعض جگہہ تعرض کیا کہ اگر رسائل مسطورہ سے بالکل التعرض نہ کیا جاے گا تو مبادا موافقین
اور مخالفین کہین کہ یہہ شخص اپنے مدعا کے اثبات سے عاجز وقاصر ہے کتب مسطورہ مین فلان فلان
بات کا جواب موجود ہے یہہ اوسکے جواب سے ساکت ہے اگرچہ اس رسالہ مین بہت باتین نئی ہین
جو کتب ورسایل اہل حق مین کہ قبل اسکے اسباب مین تصنیف ہوئی ہین پائی نہین جاتین اور
بعض باتین اگلی بھی ہین لیکن حتی المقدور اتمام دلایل اور براہین اور افادہ اور اثبات اپنے مدعا
مین کسیطرح دریغ نہین کیا جو صاحب اس رسالہ کو دیکھینگے اور انصاف فرماوینگے تو انشاء اللہ
تعالی بشرط فہم بہت حظ اوٹھاوینگے تا مقدور رسالہ ہذا مین مضامین کو بعبارت سلیس ادا کیا
کیونکہ مقصود اس سے نفع مسلمانون کا ہے اور رضاء اللہ جل شانہ کی داد وسرور انشاپردازان
اور تحسین ولطف سخنوران سے غرض نہین نہ کسی سے بحث کا خیال ہے رفاہ خلایق منظور ہے
اگر کوئی صاحب بموجب نیش عقرب نہ از پے کین است ؛ مقتضاے طبیعتش اینست
معترض ہون اور جواب لکھین تو ان باتون کا ضرور لحاظ رکھین اولا حبیب کو ہاتھ سے
نہ دین دوسرے اقوال مردود سے سند نہ پکڑین تیسرے ہم بھی ہین پانچون سوارون
مین اسکی مصداق نہون جسطرح راقم نے اپنے مذہب کو آیات واحادیث وآثار صحابہ سے
ثابت کیا ہے اسی طرح وہ بھی اپنے دعوی پر دلیل لائین یہہ نہ ہو کہ اقوال علما ومشایخ
مقابلہ مین احادیث وآثار کے پیش کرین کیونکہ قرآن مجید اور حدیث شریف کو کسی

شخص کا قول غیر مقبول نہین کرسکتا صرف نام کے واسطے جواب تحریر نہ فرمائین کہ مستعدون
کو گمراہ نکرین عالمون کو نہ ہنسائین اگر جواب لکھین تو چاہیئے کہ کل سوالون کا جواب مع مالہ وماعلیہ
کے تحریر فرمائین اور جس سوال کا جواب نہ لکھین تو صاف لکھدین کہ اسکو ہمنے تسلیم کر لیا فقط
اب بدرگاہ مجیب الدعوات کمال ادب اور عجز کے ساتھ دست بدعا ہون خداوندا تو عالم الغیب
ہے دلون کے حال سے خوب واقف ہے تو جانتا ہے کہ اس رسالہ کو مینے محض واسطے نفع رسانی
مسلمان بھائیون کے لکھا ہے نہ واسطے اپنی نام آوری کے پس تیرے حضور مین گذارش کرتا ہون
اور دعا مانگتا ہون اے میرے مالک ناظرین وسامعین کو اپنی عنایت سے توفیق اسپر عمل کرنیکی دے
اور میرے واسطے اس کتاب کو باعث نجات اور باقیات صالحات سے ٹھہرا آمین ثم آمین ٭

سوال اول اہل سنت والجماعت کے کیا معنی ہین اور بدعت شرع مین کس چیز کو کہتے ہین اور سب بدعات
ضلالت ہین یا کوئی مستحسن بھی ہے انتہی **اقول** بحولہ وقوتہ قبل لکھنے جواب کے چند احادیث اور اقوال
علما کے جو بدعت کی مذمت مین آئی ہین اسکو متوجہ ہوکر سننا چاہیئے صواعق محرقہ ابن حجر مکی مین مرقوم ہے
کہ آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ جب وقت ظاہر ہون فتنے اور لوگ میرے اصحابون کو برا کہین پس چاہیئے کہ عالم
اپنے علم کو ظاہر کرے اور جو کوئی اہل علم مین سے ایسا نکرے اوسپر لعنت ہو اللہ کی اور فرشتون کی
اور سب آدمیون کی نہ قبول کریگا اللہ اوس شخص کے فرض اور نہ نفل اور ایک روایت مین ہے کہ جب
ظاہر ہون بدعتین الخ ولفظون کا ایک اخرج الخطیب البغدادی وغیرہ انہ صلعم قال اذا ظہرت الفتن
او قال البدع وسبت اصحابی فلیظہر العالم علمہ فمن لم یفعل ذلک فعلیہ لعنۃ اللہ والملائکۃ والناس
اجمعین لا یقبل اللہ صرفا ولا عدلا اور حاکم نے حضرت ابن عباس سے نقل کیا ما ظہر اہل بدعۃ الا اظہر اللہ فیہم

حجۃ علی لسان من اتباع من خلقہ معنی اسکے یہ ہیں کہ جو ظاہر ہوا یہ تو ہیں اہل بدعت مگر یہ کہ ظاہر کرتا ہے اللہ
محبت اوپر انکے لسان اس شخص کے کسی کو چاہتا ہے خلق اپنی سے مطلب یہ ہے کہ جب اہل بدعت کا غلبہ ہوتا ہے تو اونکے
واسطے اللہ تعالی کسی شخص کو پیدا کرتا ہے اپنی مخلوقات میں سے کہ وہ انکا رد کرتا ہے اور بیہقی اور ابن ماجہ نے نقل کیا
کہ لا یقبل اللہ لصاحب بدعۃ صلوۃ ولا صوما ولا صدقۃ ولا حجا ولا عمرۃ ولا جہادا ولا صرفا ولا عدلا و
یخرج عن الاسلام کما تخرج الشعرۃ من العجین (یعنی قبول نہیں کرتا اللہ تعالی بدعتی کی نماز اور نہ روزہ اور نہ صدقہ
اور نہ حج اور نہ عمرہ اور نہ جہاد اور نہ نفل اور نہ فرض اور نکل جاتا ہے اسلام سے جیسے کہ نکلجاتا ہے بال آٹے
سے) اور ابو نعیم نے نقل کیا کہ اہل البدعۃ شر الخلق والخلیقۃ معنی اسکے یہ کہ اہل بدعت تمامی خلق سے بدترین
اور بعضوں نے کہا ہے کہ خلق سے مراد جانور ہیں اور خلیقہ سے مراد آدمی ہیں تو مطلب اسکا یہ ہوا کہ اہل بدعت
آدمی اور جانوروں سے بدترین اور صواعق میں خزاعی سے نقل کیا کہ اہل البدعۃ کلاب النار یعنی اہل بدعت
جہنم کے کتے ہیں اور طبرانی اور ابن ماجہ اور ابن ابی عاصم نے کتاب السنۃ میں حضرت ابن عباس سے نقل
کیا کہ انہوں نے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلعم نے (ابی اللہ ان یقبل عمل صاحب بدعۃ حتی یدع بدعتہ)
معنی اسکے یہ ہوئے کہ اللہ تعالی نے انکار کیا ہے کہ قبول کرے عمل بدعتی کا جبتک کہ وہ اپنی بدعت سے توبہ
نکرے اور ایک روایت میں آیا ہے کہ اللہ تعالی توبہ بدعتی کی قبول نہیں کرتا جبتک کہ وہ اپنی بدعت
کو نہیں چھوڑتا ہے چنانچہ طبرانی میں یہ حدیث موجود ہے اور بیہقی نے بھی اسکی تخریج کی ہے اور طبرانی
نے نقل کیا کہ آنحضرت صلعم نے فرمایا من وقر صاحب بدعۃ فقد اعان علی ہدم الاسلام یعنی
جو شخص بدعتی کی تعظیم کرے تو اوسنے مدد دی اوپر ڈھانے اسلام کے یہ حدیث مشکوۃ شریف میں
ہے اور صواعق میں خطیب اور دیلمی سے نقل کیا کہ جب کوئی بدعتی مرتا ہے تو اسلام میں فتح ہوتی ہے

بدعات کے اگرچہ درجات ہین اور وہ باعتبار اون مراتب اور درجات کے متفاوت ہین لیکن مقصود یہان اتنا ہی ہے کہ
احادیث مین بدعت اور اہل بدعت کی بہت برائی آئی ہے عاقل ہوشیار کو چاہیئے کہ بدعات سے بہت بچتا رہے عرباض
ابن ساریہ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلعم نے ایکدن خطبہ پڑہا کہ اوس سے آنکہون سے آنسو نکلے اور دل کانپ گئے ایک شخص نے
عرض کی کہ یا رسول اللہ یہ نصیحت تو رخصت کرنیوالے کی سی معلوم ہوتی ہے آنحضرت نے فرمایا کہ خلاصہ اوسکا یہہ ہے کہ جو
کوئی تم مین سے زندہ رہیگا وہ امت مین بہت سا اختلاف دیکھیگا پس تمکو چاہیئے کہ اپنے اوپر میری سنت اور خلفاء
راشدین کی سنت کو لازم پکڑو وایاکم ومحدثات الامور فان کل محدثۃ بدعۃ وکل بدعۃ ضلالۃ یعنی بچاؤ تم
اپنے آپ کو نئی باتون سے پس اسلئے کہ ہر نئی بات بیشک بدعت ہے اور ہر بدعت گمراہی ہے اور نسائی کی روایت مین کل
ضلالۃ فی النار یعنی سب گمراہیان جہنم مین ہین اب اقوال علماء و اولیاء اللہ کی سنو حضرت پیران پیر غنیۃ الطالبین
مین لکہتے ہین کہ اہل بدعت کے پاس نجاوے اور نہ اونسے سلام علیک کرے کیونکہ ہمارے امام احمد بن حنبل نے فرمایا ہے جو شخص سلام
کرے بدعتی پر تو اوسنے اوسکو دوست رکہا واسطے قول رسول اللہ صلعم کے کہ تم آپسمین سلام کو جاری کرو تاکہ تم مین محبت
ہوجاوے اور نہ اونکے پاس بیٹہے اور نہ لوگونکو مبارکبادی دے عیدون مین اور وقت خوشی کے اور نہ نماز اون پر پڑہے
جسوقت کہ مرین اور نہ رحم اون پر کرے جسوقت کہ اونکا ذکر کیا جاوے بلکہ اونسے دور ہو اور اونسے عداوت رکہے
خدا تعالیٰ کے واسطے دران حالیکہ اعتقاد رکہتا ہو جہوٹے ہونے مذہب اونکی کا اور طلب کرنیوالا ہو ساتہہ اسکے ثواب بہت سا
اور فضیل بن عیاض سے کہ بڑے اولیاء اللہ مین سے تہے حضرت پیران پیر نقل کرتے ہین (وقال فضیل بن عیاض من
احب صاحب بدعۃ احبط اللہ عملہ واخرج نور الایمان من قلبہ واذا علم اللہ عزوجل من رجل انہ مبغض
صاحب بدعۃ رجوت اللہ ان یغفر ذنوبہ وان قل عملہ واذا رایت مبتدعا فی طریق فخذ طریقا آخر) معنی
اسکے یہہ ہوئے کہ فضیل بن عیاض کہتے ہین جو شخص محبت رکہے بدعتی سے ضایع کرتا ہے اللہ عمل اوسکے اور نکالتا ہے

نو ایمان دل اوسکے سے اور جسوقت کہ جانتا ہے اللہ تعالی کسی شخص کو کہ وہ دشمنی اہل بدعت سے رکھتا ہے تو مین
امید کہتا ہون اللہ تعالی سے کہ اوسکے گناہ بخشدے اگرچہ اوسکے عمل تھوڑے ہوں اور جسوقت کہ دیکھے تو کسی بدعتی کو
راہ مین پس لے دوسرا رستہ اور اوس رستہ سے مت نکل اور بھی لکھتے ہین وقال فضیل بن عیاض سمعت سفیان
بن عیینہ یقول من تبع جنازۃ مبتدع لم یزل فی سخط اللہ حتی یرجع وقد لعن النبی صلعم المبتدع فقال
صلعم من احدث حدثا او آوی محدثا فعلیہ لعنۃ اللہ والملئکۃ والناس اجمعین لا یقبل اللہ منہ الصرف والعدل
یعنی بالصرف الفریضۃ وبالعدل النافلۃ انتہی معنے اسکے یہہ ہوئے کہ حضرت فضیل بن عیاض نے حضرت
سفیان بن عیینہ سے نقل کیا کہ وہ کہتے تھے جو شخص پیچھے جنازہ بدعتی کے چلے ہمیشہ خدا کے غصہ مین رہتا ہے یہانتک
کہ لوٹے اور تحقیق لعنت کی رسول اللہ صلعم نے بدعتی پر پس فرمایا حضرت صلعم نے جو شخص نکالی کوئی نئی بات
یا جگہہ دے بدعتی کو یا بدعت کو پس اوپر اوسکے لعنت اللہ کی اور فرشتوں کی اور سب آدمیوں کی ہے نہین
قبول کرتا ہے اللہ تعالی اوس سے صرف اور نہ عدل مراد ساتھہ صرف کے فرض ہے اور ساتھہ عدل کے نفل اور یہہ
بات بھی دریافت کرنیکے قابل ہے کہ مراد اہل بدعت سے احادیث اور کلام علما اور اولیاء اللہ مین کون لوگ ہین
سو اسکا اثبات بھی ہم حضرت پیران پیر کے کلام سے کرتے ہین فرمایا حضرت پیران پیر نے غنیۃ الطالبین مین
واعلم ان لاہل البدع علامات یعرفون بہا فعلامۃ اہل البدعۃ الوقیعۃ فی اہل الاثر معنی اسکے یہہ ہین
کہ جان تو کہ تحقیق واسطے بدعتیون کے علامتین ہین کہ اونسے پہچانے جاتے ہین پس علامت اہل بدعت کی
مذمت کرنا اہل حدیث کی ہے اور یہہ بعد نقل قول فرق باطلہ کے کہ وہ اہل سنت کے نام طرح طرح کے رکھتے
ہین فرماتے ہین ولا اسم لہم الا اسم واحد ہو اصحاب الحدیث یعنی اہل سنت کا نام نہین ہے مگر ایک نام
اور وہ نام کیا ہے یعنی اہل حدیث یہہ بات محض اہل اسلام کی خیرخواہی کے واسطے نقل کی اب مین

جواب سوال کا شروع کرتا ہون الجواب اہل سنت جماعت سے وہ لوگ مراد ہین کہ حضرت پیغمبر خدا صلی
اللہ علیہ وسلم کی سنت اور صحابہ کرام کی جماعت کے طریقہ شفقہ پر چلتے ہین چنانچہ حضرت پیران پیر نے غنیۃ الطالبین
مین لکھا ہے (وعلی المومن اتباع السنۃ والجماعۃ فالسنۃ ما سنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
اور مسلمان پر اتباع سنت اور جماعت کا لازم ہے پس سنت وہ ہے جو رسول خدا صلعم نے کیا ہو
والجماعۃ ما اتفق علیہ اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی خلافۃ الائمۃ الاربعۃ الخلفاء الراشدین
اور جماعت وہ ہے کہ جسپر اصحاب رسول اللہ صلعم خلافت ائمہ اربعہ خلفا ہے الراشدین
المہدیین رحمۃ اللہ علیہم اجمعین انتہی) اور فخر الاسلام بزدوی نے اصول فقہ مین لکھا ہے (العلم نوعان
مہدیین اینہ متفق ہوئے ہوان ۱۲
علم دو این دو قسم
علم التوحید و علم الصفات و علم الشرائع والاحکام والاصل فی النوع الاول ہو التمسک بالکتاب والسنۃ
پر ہے علم عقاید اور علم مسائل اصل علم اول مین قرآن وحدیث سے چنگل مارنا اور ہوا سے نفس اور بدعات سے بچنا اور طریق سنت وجماعت
ومجانبۃ الہوی والبدعۃ ولزوم طریق السنۃ والجماعۃ الذی کان علیہ الصحابۃ والتابعون ومضی علیہ
کا جسپر صحابہ تابعین اور سلف صالحین تھی لازم پکڑنا ہے ۱۲
الصالحون) اور ایسا ہی شرح عقاید اور مکاتیب حضرت مجدد الف ثانی اور مرج البحرین سے ثابت ہے
اور بدعت شرع مین اوس چیز کو کہتے ہین کہ جو چیز دین مین نکالی جاوے بغیر دلیل شرعی کے اور ہر بدعت
شرعی ضلالت وگمراہی ہے اور موافق تحقیق محققین کے کوئی چیز بدعت حسنہ نہین ہوتی ہے اب
شواہد اس دعوی کی سنو فتح الباری شرح بخاری مین ہے (قولہ علیہ السلام شر الامور محدثاتہا
قول آنحضرت صلعم شر الامور محدثات ہین
بفتح الدال جمع محدثۃ والمراد بہ ما احدث ولیس لہ اصل فی الشرع ویسمی فی عرف الشرع بدعۃ
لفظ محدثات بفتح دال جمع محدثۃ کے ہے اور مراد اوس سے وہ چیز ہے کہ نکالی جاوے دین مین اور شریعت مین اوسکی اصل نہو اوسکو عرف شرع مین
وما کان لہ اصل یدل علیہ الشرع فلیس ببدعۃ فالبدعۃ فی عرف الشرع مذموم بخلاف اللغۃ) انتہی
بدعت کہتے ہین اور جسکی اصل شریعت مین ہو وہ بدعت نہین ہے پس بدعت مطلقا شرع مین مذموم ہے اور لغت مین مذموم نہین ۱۲
اور عینی نے شرح بخاری مین لکھا ہے (قولہ محدثاتہا والمراد بہا ما احدث ولیس لہ اصل
مراد محدثات سے وہ چیز ہے کہ ایجاد کیا ہے اور شرع مین
فی الشرع ویسمی فی عرف الشرع بدعۃ وما کان لہ اصل یدل علیہ الشرع فلیس ببدعۃ) انتہی
اوسکی کچھ اصل نہو اور اسکو عرف شرع مین بدعت کہتے ہین اور جسکی اصل شریعت سے ثابت ہے وہ بدعت نہین ۱۲
اور معین ابن صفی نے شرح اربعین مین لکھا ہے (والمراد بالبدعۃ ما احدث مما لا اصل لہ فی الشرع
مراد بدعت سے وہ چیز ہے کہ جو ایجاد کیجاے اور شرع سے اوسکی کچھ اصل
واما ما کان لہ اصل فلیس ببدعۃ شرعا وان کان بدعۃ لغۃ) اور کشف بزدوی مین کہ بہت
نہو اور جو چیز کہ اصل اوسکی شرعا ثابت ہے وہ بدعت شرعی نہین ہے اگرچہ باعتبار لغت پیدا ہوا ۱۲

معتبر کتب سے لکہا ہے (البدعة الامر المحدث فی الدین الذی لم یکن علیه الصحابة والتابعون) انتہی
بدعت وہ امر محدث دین میں ہے جسکو صحابہ و تابعین نے نہ کیا ہو ۱۲
اور شرح مصابیح ابن ملک میں ہے (من عمل عملا او قال قولا فی الدین ولیس فی القرآن
جو شخص کرے کوئی کام یا کہے کوئی بات دین میں کہ جو قرآن اور احادیث رسول اللہ صلعم
ولا فی الاحادیث رسول الله صلعم لا یجوز قبوله ویسمی ذلک الفعل والقول بدعة) انتہی اور امام
میں نہ ہو تو قبول کرنا اوسکا جائز نہیں اور اوس قول و عمل کا نام بدعت ہے ۱۲
البغوی صاحب تفسیر معالم التنزیل نے شرح سنۃ میں کہا ہے (البدعة ما احدث علی غیر مثال
بدعت وہ شے ہے کہ جو جاری کی جاوے
اصل من اصول الدین) انتہی اور امام خطابی نے کہا ہے (کل شیء احدث علی غیر مثال اصل
بغیر قیاس کے کسی قاعدہ پر ۱۲ ہر ایک چیز کہ نکالی جاوے بغیر مثال کسی اصل کے قواعد
من اصول الدین وعلی غیر عبارة وقیاس فهو بدعة وضلالة واما کان مبنیا علی قواعد
دین سے اور عبارت و قیاس کے تو وہ بدعت اور ضلالت ہے اور جو مبنی ہو اوپر قواعد اصول اور دلائل
الاصول ومردود الیها فلیس ببدعة ولا ضلالة) انتہی اور کنز العرفان میں لکہا ہے
پر ہو وہ بدعت اور ضلالت نہیں ہے ۱۲
(واما البدعة فقد یراد بها معنی لغوی وهو المحدث مطلقا عادة او عبادة لانها اسم من الابتداع
مراد بدعت سے کبہی لغوی ہوتے ہیں اور وہ محدث مطلقا ہے عادۃ یا عبادۃ اسواسطے کہ یہ اسم ابتداع سے ہے
بمعنی الاحداث کالرفعة من الارتفاع فهذه هی المنقسمة فی عبارة الفقهاء یعنون بها
جیسے ایجاد ہے ... مراد لیتے ہیں بدعت سے وہ چیز کہ نکالی
ما احدث بعد الصدر الاول مطلقا) انتہی اور طریقہ محمدیہ اور مجالس الابرار میں بہی
بعد صدر اول کے ہو مطلقا ۱۲
اسیطرح ہے پس بیان سے معلوم ہوا کہ جو بدعت شرعی ہے وہ حسنہ نہیں ہوتی اسواسطے
کہ جو عبارتیں کتب معتبرہ سے منقول ہوئیں اون سبکا ملخص یہی ہے کہ جو بات ایسی ہو کہ جسکی اصل
شرع میں نہ ہووے وہ بدعت ہے اور جو بات ایسی ہو کہ جسکی اصل شرع میں ہو وہ بدعت نہیں ہے
اور کشف بزدوی میں جو لکہا ہے وہ بہی قریب اسیکے ہے پہر اگر کوئی شخص یہہ کہے کہ بدعت حسنہ
کے قائل بہت سے علما ہوئے ہیں مثل ملا علی قاری اور طیبی اور شیخ وغیرہم کے اور تم کہتے ہو کہ بدعت حسنہ
کوئی چیز نہیں ہے جواب اسکا یہ ہے کہ جن لوگون نے بدعت کو بدعت حسنہ کہا ہے اونکا قول خلاف
تحقیق ہے اسواسطے کہ حدیث شریف میں وارد ہے (ایاکم ومحدثات الامور فان کل محدثة
بچو تم محدثات امور سے اسواسطے کہ ہر ...

بدعۃ وکل بدعۃ ضلالۃ) اور اسی اوپر مذکور ہے (فعلیکم بسنتی وسنۃ الخلفاء الراشدین
بدعت ہے اور ہر بدعت ضلالت ۱۲ لازم پکڑو تم سنت میرے اور سنت خلفاے راشدین
المہدیین) پس اس حدیث سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ سنت خلفاے راشدین محدثات امور
مہدیین کے ۱۲
سے نہین اور نہ بدعت اسواسطے کہ اسی حدیث مین سنت خلفاء راشدین کی تابعداری کا حکم کیا
اور محدثات امور سے بچنے کا حکم فرمایا پس سنت خلفاء راشدین کیونکر بدعت ہوگی اور یہی کل
بدعۃ ضلالۃ قضیہ موجبہ کلیہ ہے اور لفظ کل کا احاطہ افراد کے لئے آتا ہے اور الفاظ عموم سے
ہے پس مخصص اس حدیث کا بیان کرنا چاہیے اگر کوئی شخص کہے کہ حدیث (من سن
جو شخص جاری
فی الاسلام سنۃ حسنۃ کان لہ اجرہا واجر من عمل بہا من غیر ان ینقص من اجورہم شئی)
کرے اسلام مین طریقہ حسن اوس شخص کو ثواب اوسکا اور ثواب اون لوگون کا جو عامل اوسپر ہونگے ملیگا بدون اسکے کہ اجر عاملین سے کچھ انکی کمی جاوے ۱۲
مخصص اس حدیث کی ہے تو اسکے جواب مین اول یہہ حدیث کی تفسیر حدیث ہو اگلی
ہے مشکوٰۃ شریف مین ہے (قال رسول اللہ صلعم من احیا سنۃ من سنتی قد امیتت بعدی
کہا رسول خدا صلعم نے جو شخص کہ زندہ کرے کسی سنت کو میری سنتون مین سے کہ بعد میرے
فان لہ من الاجر مثل اجور من عمل بہا من غیر ان ینقص من اجورہم شئی ومن ابتدع بدعۃ
مرگئی ہو پس بیشک ہوویگا اوسکو اجر مثل اجر اون لوگون کے کہ عامل اوسپر ہوت بغیر اسکے کہ اونکے اجرون کو نقصان واقع ہو اور جو شخص کہ ایجاد کرے بدعت
ضلالۃ لا یرضاہا اللہ ورسولہ کان علیہ من الاثم مثل آثام من عمل بہا لا ینقص ذلک من
ضلالت کہ نہ پسند کرے اسکو اللہ اور رسول اوسکا ہوویگا اوس شخص پر گناہ مثل گناہ اون لوگون کے جو اوسپر عمل کرنے مین بغیر اسکے کہ اونکے گناہون مین
اوزارہم شئی رواہ الترمذی) اس حدیث کا اور پہلی حدیث کا ایک ہی مطلب ہے اور اس
کچہ تخفیف واقع ہو روایت کیا اسکو ترمذی نے ۱۲
حدیث مین سن کی جگہہ احیا کا لفظ موجود ہے پس کیونکر اختراع فی الدین اس سے ثابت
ہوگا دوسرے یہہ کہ صحیح مسلم مین صاحب مشکوٰۃ شریف نے اس حدیث کو نقل کیا ہے اوسکے دیکھنے
سے معلوم ہوتا ہے کہ گر سن اختراع کے معنی مین ہوتے تو لازم آتا ہے کہ وہ شخص جسکے حق مین
آنحضرت صلعم نے یہہ حدیث فرمائی ہے مصداق اس حدیث کا نہو اسواسطے کہ اوسنے احداث
فی الدین نہین کیا تیسرے یہہ کہ شرع مین احداث ممنوع ہے بدلیل قول آنحضرت صلعم کے

من احدث فی امرنا ہذا مالیس منہ فہو رد پس اگر تمنے اختراع ہو تو دونون حدیثون مین مخالفت
ہوگی اگر کوئی اعتراض کرے اور کہے کہ یہہ حدیث جو تمنے مشکوٰۃ شریف سے نقل کی اوس سے معلوم ہوتا ہے
کہ بدعت ایک ضلالت ہوتی ہے اور ایک غیر ضلالت اور تم کہتے ہو (کل بدعۃ ضلالۃ) جواب اوسکا
یہہ ہے کہ اس حدیث سے یہہ بات ثابت نہین ہوتی ہے اسلئے کہ اسی حدیث مین لفظ لا یرضاہا اللہ
ورسولہ بہی بعد لفظ بدعۃ ضلالۃ کے موجود ہے کیونکہ الفاظ حدیث کے یہہ ہین ومن ابتدع بدعۃ ضلالۃ
لا یرضاہا اللہ ورسولہ الی آخرہ پس موافق فہم تمہارے کے لازم آتا ہے کہ بدعت ضلالت بہی دو قسم ہے ہو
ایک بدعت ضلالت جسسے اللہ اور رسول راضی ہو دوسری وہ بدعت ضلالت جس سے اللہ اور رسول
راضی نہو وہین وہو باطل بالاجماع پہر اگر کوئی شخص کہے کہ حضرت عمر رضؓ نے فرمایا ہے تراویح کے حق مین
نعمت البدعۃ ہذہ پہر تم کیونکر انکار بدعۃ حسنہ کا کرتے ہو جواب اوسکا یہہ ہے کہ بدعت دو قسم ہے ایک
لغوی دوسری شرعی حضرت عمر رضؓ کے قول مین مراد بدعت لغوی ہی ہے صواعق محرقہ مین کہ بہت معتبر
کتاب ہے لکہا ہی (وقول عمر رضؓ نعمت البدعۃ انما اراد بہا معناہا اللغوی) انتہی اور شرح
اربعین معین ابن صفی مین مرقوم ہے (وقول عمر فی التراویح نعمت البدعۃ مرادہ بدعۃ لغویۃ) اور اسی طرح
سیف المسلول مین قاضی ثناء اللہ پانی پتی نے لکہا ہے اور کیونکر ہوسکتا ہے کہ سنت خلفاء
راشدین بدعات شرعیہ مین داخل ہووے حال آنکہ آنحضرت صلعم نے اونکی سنت کی تابعداری کا
حکم فرمایا ہے اگر کوئی سوال کرے کہ حدیث شریف مین آیا ہے کہ (ما راٰہ المسلمون حسنا فہو
عند اللہ حسن) اور تم کہتے ہو کہ بدعت حسنہ کوئی چیز نہین ہے اور ہم ایسی چیز کو کہ مسلمان اوسے اچہا
بدعت حسنہ کہتے ہین تو اوسکا جواب کئی طور پر ہے اول یہہ کہ مراد مسلمون سے تمام مسلمان ہین

توضیح مین حجیت اجماع کے بیان مین لکہا ہے (لاتجتمع امتی علی الضلالة وقوله علیه السلام ما راٰه المسلمون
حدیث نہ مجتمع ہوگی امت میری ضلالت پر اور یہ قول آنحضرت صلعم کا جسے
حسنا فهو عند الله حسن هذه هي الادلة المشهورة علی ان الاجماع حجة) دوسرے یہہ کہ الف
چیز کو مسلمان بہتر سمجہین وہ خدا کے نزدیک بہی بہتر ہے یہہ دلایل مشہورہ ہین اثبات پر کہ اجماع امت حجت ہے انتہی
لام مسلمون پر جائز ہے کہ عہد کے واسطے ہو اسواسطے کہ امام احمد اور بزاز اور طبرانی اور ابو داؤد طیالسی
کی روایت مین ہے (ان الله نظر فی قلوب العباد فاختار له اصحابه فجعلهم انصار دینه ووزراء نبیه
بیشک اللہ دیکہا بندون کے دلون کو پس پسند کیا اونمین سے واسطے آنحضرت کے اونکے اصحاب کو اور کیا اونکو مددگار دین کا
فما راٰه المسلمون حسنا فهو عند الله حسن وما راٰه المسلمون قبیحا فهو عند الله قبیح) انتہی اور یہہ
اور وزیر اپنے نبی کا پس جسکو مسلمانون نے بہتر سمجہا وہ بہتر ہے عند اللہ اور جس چیز کو مسلمانون نے قبیح سمجہا تو وہ عند اللہ قبیح ہے
حدیث مرفوعا اور موقوفا روایت کی گئی ہے اور صحیح موقوف ہے پس معلوم ہوا کہ مراد مسلمانون
سے اصحاب رسول اللہ صلعم ہین وہذا لا یفید مرام المخالفین تیسرے یہہ کہ المسلمون سے اگر وہ
مسلمان مراد ہون کہ جو مزعوم مخالفین ہین تو چاہیے کہ ایک چیز کو بعض مسلمان قبیح دیکہین تو قبیح
ہوجاوے اور اوسی چیز کو بعض مسلمان حسن دیکہین تو حسن ہوجاوے وہو باطل چوتہی یہہ ہے کہ اگر مزعوم اکثر
اہل بدعت کا صحیح ہو تو لازم آتا ہے کہ اکثر بدعات مثل تعزیہ وغیرہا کے کہ اوسکو اکثر مسلمان اچہا
جانتے ہین حسن ہوجاوے صاحب مجالس الابرار نے اس حدیث کی بہت عمدہ شرح کی ہے صاحب
سیف الاسلام نے جو بعض وجوہ مین کلام کیا ہے سو وہ نہایت پوچ ہے پہلی وجہ مین یہہ کلام کیا (بلکہ
بر تقدیر حسن بودن مستحسن جماعت از علماء اعلام ہم حسن بودن مستحسنات مجموع افراد مجتہدین
است بدرجہ اولی ثابت است پس ہم استدلال اہل اصول تام وہم استدلال فقہائے کرام و دیگر
علمائے عظام) انتہی غور کرنیکا مقام ہے کہ یہہ کتنی پوچ بات ہے کہ اہل اصول اس حدیث کو حجت
اجماع مین لاوین اور یہہ صاحب بعض علما کے قول کو بہی حجت گردانین اور اس حدیث سے استدلال
کرین اگر دونون مضمون اس حدیث سے ثابت ہوتی تینون صاحب توضیح کو کہنا مناسب تہا کہ

کہ جب بعض کا قول حجت ہوا تو کل کا کیونکر نہ ہوگا علاوہ برین جو کچھہ صاحب رسالہ سیف الاسلام نے
استغراق کے باب مین لکھا ہے اوس سے معلوم ہوتا ہے کہ ہر فرد مسلمان کا قول حجت ہے اس صورت مین قول
اہل اصول کا کہ حجت اجماع مین اس حدیث کو لاتے ہین محض غلط محض ٹہرا اسواسطے کہ منکر اجماع کہینگے کہ اس
حدیث سے قول ہر مسلمان کا حجت ٹہرتا ہے اور وہ تمہارے نزدیک بہی حجت نہین ہے پہر یہہ کیونکر تمہارا استدلال
صحیح ہوگا اور دوسری وجہ مین یہہ کلام کیا کہ یہہ احتمال مخترع ہے اور بعض علمانے اسکے خلاف لکہا ہے اور
اس حدیث سے اون امور مین تمسک کیا کہ جو صحابہ سے ثابت نہین ہین اسکا جواب یہہ ہے کہ ہمنے امام احمد
بزار اور طبرانی کی روایت سے ثابت کر دیا کہ احتمال عہد کا بہت قوی ہے پس جو کوئی استدلال اس حدیث
سے ہووے اوسکو لازم ہے کہ اس احتمال کو باطل کر دے اور تیسری وجہ کے باطل کرنے مین جو لکہا وہ بہی نہایت
بوچ ہے الفاظ حدیث اوس سے اباکرتے ہین کیونکہ صریح معنی حدیث کے یہہ ہین کہ جس چیز کو مسلمان اچہا
دیکہین وہ اچہی ہے اور جسے قبیح دیکہین قبیح ہے پس صاحب سیف الاسلام کی تقریر سے یہہ بہی لازم
آتا ہے کہ اگر بعض علماء اسلام کسی چیز کو قبیح کہین اور بدعت اوسکے چند عالم اوسکو حسن کہین تو جہلیون کا
اعتبار نہین اگرچہ وہ امر قبیل بدعت حسنہ سے عند المخالفین ہو اور حقیقۃ الامر یہہ ہے کہ جو محدث شئ
ہے اصل مین قبیح ہے جب تک کسی دلیل شرعی سے بخصوصہ اوسکا حسن ثابت نہو اوسکو حسن
نہ کہنا چاہیئے اور احادیث جو مذمت بدعت مین وارد ہین اوسکے قبیح کے لئے کافی ہین ابن حجر
مکی رسالہ الایضاح البیان لما جاء فی لیلۃ النصف من شعبان مین لکہتے ہین (واطال المنع الامام
النووی فی فتاواہ الثانی ذما وتقبیحا وتہجینا لہا فقال ہی ای صلوۃ الرغائب بدعۃ قبیحۃ منکرۃ
اشد الانکار مشتملۃ علی منکرات فینبغی ترکہا والاعراض عنہا والانکار علی فاعلہا وعلی ولی الامر

وفقه الله منع الناس من فعلها فانه راع وكل راع مسئول عن رعيته وقد صنف العلماء كتبا
کہ اوسکے کرنے سے لوگون کو منع کرے اسلئے کہ وہ راعی ہے اور ہر راعی اپنی رعیت سے مسئول ہوگا اور علمانے اوسکی مذمت مین کتابین

في انكارها وذمها وتسفيه فاعلها ولا تغتر بكون الفاعلين لها في كثير من البلدان ولا بكونها
تصنیف کی ہین اور اوسکے فاعل کو سفاہت شعار کہا ہے اور تو اوسکے معمول و مروج ہونے سے بہت شہرون مین اور

مذكورة في قوت القلوب واحياء علوم الدين ونحوهما فانها بدعة باطلة وقد صح مرفوعا من احدث
قوت القلوب و احیاء العلوم وغیرہا مین مذکور ہونے سے فریب نہ کہانا اسلئے کہ وہ بدعت باطلہ ہے فرمایا رسول خدا صلعم

في ديننا ما ليس منه فهو رد وفي الصحيح كل بدعة ضلالة وامر الله عند التنازع بالرجوع الى كتابه العزيز
نے جو شخص کہ دین مین بے بات نکالے وہ مردود ہے اور یہہ بھی فرمایا ہر بدعت ضلالت ہے اور اللہ پاک نے وقت اختلاف قرآن مجید کے

فقال فان تنازعتم في شيء فردوه الى الله والرسول ان كنتم تؤمنون بالله ولم يامر باتباع الجاهلين
طرف رجوع کرنیکا حکم صاف دیا ہے فرمایا اگر تم جھگڑو کسی شی مین پس رجوع کرو اسکو اللہ اور رسول کی جانب اگر تم ایمان باللہ رکھتے ہو اور

ولا بالاغترار بغلطات المغلطين انتهى كلامه واختلف فتاوى ابن الصلاح فيهما وقال في آخر
جاہلون کے اتباع کا کچھہ حکم نہین کیا اور نہ عمل کا اغلاط مغلطین پر تمام ہوا قول نووی کا اور ابن صلاح کے فتاوی مین صلوۃ رغائب

عمره هما وان كانتا بدعتين لا منع منهما لدخولهما تحت الامر الوارد بمطلق الصلوة انتهى ورد عليه
اور نیمہ شعبان کے نماز کا جواز ہے آخر عمر مین اونسے کہا اگرچہ یہہ دونون نماز بدعت ہین لیکن انسے منع نہ چاہیے اسلئے کہ وہ حکم

الامام المجتهد تقي الدين السبكي بانه لم يرد فيه الا مطلق طلب الصلوة وان خبرها موضوع فلا
عام مین جو واسطے مطلق صلوۃ کے وارد ہے مندرج ہین اور رد کیا قول ابن صلاح کا امام مجتہد تقی الدین سبکی نے اسطرح کہ حدیث صلوۃ رغائب

يطلب منه شيء بخصوصه فمن جعل شيئا منه مقيدا بزمان او نحو ذلك دخل في قسم البدعة وانما
موضوع ہے اور حدیث صحیح سے بجز طلب مطلق صلوۃ کے اور زیادہ مفہوم نہین ہوتی پس اسکے ذریعہ سے کوئی نئے مخصوص ثابت نہین ہوسکتی پھر جو

المطلوب عمومه فيفعل لما فيه من العموم لا لكونه مطلوبا بالخصوص انتهى) اور دوسرے مقام پر لکھتے ہین
کسی شے کو بقید زمان و مکان خاص کرلے وہ بدعت ہوگی اسلئے کہ مطلوب شارع عموم ہے پس کرنا اوسکا ایسی جا ہے کہ عموم باقی رہے نہ اسطرح کہ گویا تخصیص مطلوب ہے

وهذا الجواب لا يجدي ولا ينفع بل لو سكت عنه قائله لكان خيرا له او الآثار الاسرائلية التي لم تشهد لها
اور یہہ جواب کچھہ مفید و نافع نہین ایسے جواب سے تو مجیب کو سکوت بہتر تہا اسلئے کہ آثار اسرائیلیہ جنکا ثبوت ہماری شرع سے نہو قابل تعویل

قواعد شرعنا لا نظر اليها ولا التعويل عليها وهذه كذلك لان احداث هذه الهيئة الآتية في تلك
و اعتماد کے نہین اور یہہ اسیطرح ہے اسواسطے کہ اس شب مین ہیئت خاص کا ایجاد کرنا اور آدمیون کا مسجدون مین نماز کیلئے

الليلة من اجتماع الناس للصلوة في المساجد على كيفيات مخصوصة من غير ان يرد شيء من ذلك
واسطے کیفیات مخصوصہ کے ساتھہ جمع ہونا حضور رسول خدا صلعم سے منقول نہین اور نہ کسی صحابی سے دین مین ایسی چیز کا حادث کرنا جو

عن رسول الله ولا عن احد من الصحابة فيه غاية الابتداع والاحداث في الدين ما لم يعرف عن
اونکے اہل سے ثابت نہین پس اپنے فاعل پر یہہ مردود ہوگی واسطے ارشاد آنحضرت صلعم کے کہ جو شخص پیدا کرے ہماری اس امر مین یعنی دین و شریعت

اهله فليكن ردا على فاعله لحديث من احدث في امرنا هذا ما ليس منه
مین ایسی چیز کہ اوسمین سے نہو وہ اوسپر مردود ہی اور اسمین کچھہ شک نہین کہ آدمیون کا ہیئت مخصوصہ پر [illegible] جمع ہونا

فهو رد عليه ولا شك ان ذلك الاجتماع على تلك الهيئة المخصوصة احداث في الشرع ما ليس منه
اوسے نہین پس ہوویگا وہ مردود بحدیث مذکورہ

فيكون مردودا بالنص المذكور انتهى اور ابن دقيق العيد نے احكام الاحكام مين لكھا ہے

آتا ہے کہ حضرت امام حسین علیہ السلام باطل پر ہوں اور یزید حق پر اسواسطے کہ اوسکے ساتھہ جماعت
کثیرہ تھی اگر کوئی سوال کرے کہ کل بدعۃ ضلالۃ سے جو تم ہر بدعت کا ضلالت ہونا ثابت کرتے ہو
سو غلط ہے اسواسطے کہ یہہ عام مخصوص البعض ہے اور کل بمعنی بعض آیات قرآن مجید تدمر کل
شئی بامر ربہا واوتیت من کل شئی میں کہ ہوا اور بلقیس کے حق میں ہے مستعمل ہے جواب اوسکا یہہ
کہ ہمنے تسلیم کیا کہ کل ان آیتوں میں اپنی معنی حقیقی پر نہیں ہے لیکن یہہ بات وہاں ہوتی ہے
جہاں قرینہ ہو اور خلاف عادت کے خلاف ہو یہہ دونوں آیتیں جو تمنے ذکر کیں اسیطرح کی ہیں
اسواسطے کہ عورت کو جو بلقیس تھی سب چیزیں عطا نہیں ہوئیں اور ایسی ہی ہوا آسمانوں اور
پہاڑوں کو عادۃً نہیں اکھیڑ سکتے بخلاف اس حدیث کے کہ اسمیں کوئی مخصص حسی ہے اور عادی نہیں پایا جاتا تو تمہارا
قیاس قیاس مع الفارق ہوا علاوہ برین سیاق حدیث دیکھنا چاہیے کہ اوسمیں کسطرح کی تاکید ہے اول فرمایا ایاکم و
محدثات الامور اور پھر فرمایا فان کل محدثۃ بدعۃ وکل بدعۃ ضلالۃ پس اسصورت میں اس حدیث شریف میں عام
مخصوص البعض کہنا خطا ہے اور فتح الباری میں مرقوم ہے (اما قولہ فی حدیث العرباض فان کل بدعۃ ضلالۃ بعد قولہ
قول آنحضرت صلعم فان کل بدعۃ ضلالۃ حدیث عرباض میں بعد قول وایاکم و
ایاکم ومحدثات الامور فانہ یدل علی ان المحدثۃ یسمی بدعۃ وقولہ کل بدعۃ ضلالۃ قاعدۃ شرعیۃ کلیۃ بمنطوقہا ومفہومہا
محدثات الامور کے یہہ دال ہے کہ ہر محدث بدعت ہی اور کل بدعۃ ضلالۃ شریعت کا قاعدہ کلیہ ہے منطوقاً ومفہوماً لیکن باعتبار منطوق پس جیسکہ کہا جاوے کہ فلان
منطوقہا فکان یقال حکم کذا بدعۃ وکل بدعۃ ضلالۃ فلا یکون من الشرع لان الشرع کلہ ہدی فان ثبت ان الحکم المذکور
شئے بدعت ہی اور ہر بدعت گمراہی ہی پس وہ بمعنی شریعت سے نہوگی اسلئے کہ شریعت تو تمام ہدایت ہے اگر اوس شئے کا بدعت ہونا ثابت کردیا جاوے تو
بدعۃ صحت المقدمتان وانتجتا المطلوب اور بعض علما جو یہہ لکھتے ہیں سو بمعنی عدم تدبر ہے اور آثار صحابہ سے بھی یہہ بات معلوم ہو
دلیل کی دونو مقدمتہ ثابت ہوجاوینگی اور مطلوب حاصل ہوجاویگا ١٢
ہی کہ جو چیز محدث فی الدین ہے اور ثابت ہو دلائل شرعیہ سے نہیں وہ ممنوع ہی کما مذکور اور فقہا کا بیان اس باب میں مختلف ہی لیکن قول محقق
اور راجح وہی ہے جو ہمنے مذکور کیا کہ محدث فی الدین من غیر دلیل شرعی ضلالت ہے اور ممنوع اور عینی وغیرہ کا کلام جو مخالف اس کلام کی ہے جسکو ہمنے
نقل کیا وہ مبنی غفلت پر ہے بہ تقلید دیگران انہوں نے لکھا ہی اور اسیطرح ملا علی قاری اور طیبی اور نووی کا حال قیاس کر لو کیونکہ انسے بھی غفلت یہاں ہوئی علما

انتہی جو شخص اہل انصاف سے ہوگا اوسکو شبہہ باقی نرہیگا اسباب مین کہ اہل بدعت کا ہر محدث کو ظاہری
حسن سے بدعت حسنہ قرار دینا خواہ اوسکی سند کتاب اور سنت سے ہو یا نہو محض غلط ہے اور یہہ بھی یاد رکھنا
چاہیئے کہ نزاع مابین تقسیم بدعت اور عدم تقسیم مین قریب نزاع لفظی ہی جسکو یہہ لوگ بدعت حسنہ کہتے ہین
ہم اوسکو سنت مین داخل جانتے ہین اور مراد مخالفت سے تعریف بدعت سیئہ مین عدم موافقت ہی پس مطلب ان
لوگون کا ہرگز ثابت نہوگا اور یہہ بات بھی قابل غور ہے کہ جو لوگ بدعت حسنہ کے قائل ہین وہ بھی
بدعت حسنہ کے علی سبیل الدوام کرنیکو موجب ظلمت اور قساوت قلب سمجھتے ہین شیخ عبد الحق
نے ترجمہ مشکوٰۃ مین تحت حدیث ما احدث قوم بدعۃ الا رفع مثلہا من السنۃ فالتمسک بالسنۃ
خیر من احداث بدعۃ لکھا نو پدید نکرد ہیچ قومی بدعتی را مگر انکہ برداشتہ شد مانند آن در مقدار از
سنت و چون احداث بدعت رافع سنت باشد ہمچنین قیاس اقامت سنت قامع بدعت خواہد بود
پس چنگ در زدن بسنت اگرچہ اندک باشد بہتر است از نو پدید کردن بدعت اگرچہ حسنہ است
زیرا کہ باتباع سنت پیدا میشود نور و بگرفتاری بدعت فرو می آید ظلمت مثلاً رعایت آداب استنجا
بر وجہ سنت بہتر است از بنای رباط و مدرسہ چہ سالک برعایت آداب سنت ترقی می کند بمقام قرب و تبرک
آن نزل می کند انوار و این سودی میگرد و بترک افضل انوار تا بمرتبہ قساوت قلب کہ آنرا رین
قلب و طبع و ختم می گویند میرسد نعوذ باللہ من ذلک انتہی قریب اسکے طیبی اور ملا علی قاری نے بھی
لکھا ہے تنبیہ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے احیاء العلوم مین لکھا ہے جاننا چاہیئے کہ طبیب حاذق
جیسا مطلع ہوتا ہے اسرار مرض پر حالانکہ لعیہ قائلتے ہین جو کہ نہین پہچانتے ہین ایسے ہی انبیا طبیب دلون
کے ہین اور عالم اسباب حیات اخروی کے پس نہ حکم کرو اونکی سنت پر اپنی عقل سے کہ ہلاک ہو جاوگے

تو بعض اوقات جو کسی شخص کی اونگلی مین جو فلان آ جاتا ہے تو اوسکی عقل تقاضا کرتی ہے کہ سلے اوسکو
یا مسک کہ اگاہ کرتا ہے اوسکو طبیب حاذق کہ علاج اوسکا یہہ ہے کہ ملا جاوے مونڈھا یا بدن کا دوسری جانب سے
پس تعجب جاتا ہے وہ اسکو اس سبب سے کہ وہ نہین جانتا ہے پٹھون کی ترکیب اور کیفیت کو ایسا ہی معاملہ
ہے طریق آخرت مین اور اشیا کی بحث کی دقایق مین کہ عقل اونکو احاطہ نہین کر سکتی جیسیکہ پتھرون کی
خاصیت ہم نہین جانتے ہمکو کیا معلوم ہے کہ کس سبب سے کھینچتا ہے مقناطیس لوہے کو اور عجایب عقاید اور اعمال
مین زیادہ تر ہین بہ نسبت اوسکے کہ دواؤن مین ہین پس جبکہ عقلین قاصر ہین دواؤن کی منافع معلوم
کرنے سے باوجود اسکے کہ تجربہ راہ ہے اونکی معلوم کرنیکی پس البتہ ہی عقلین قاصر ہین معلوم کرنے اون چیزون
کے لیے کہ نفع دیتی ہین آخرت مین معتمد التجربہ بھی رہنما نہین ہو سکتا تجربہ جب آئین رہنما ہو سکتا تھا کہ اموات
پھرتی ہماری طرف اور وہ خبر دیتے ہمکو کہ ان عقاید اور اعمال سے قرب الٰہی حاصل ہوتا ہے اور اسلئے
دوبارہ سو یہہ محال ہے پس کیونکر حاصل ہو تجربہ پس عقل کی منفعت یہی کافی ہے کہ رہنمائی کرے ہمکو
نبی علیہ السلام کے تصدیق کی طرف اور سمجھا دے ہمکو موارد اونکے اشارات کے پس اعراض کرے تصرف کرنے سے
اور لازم کرے اتباع کو کیونکہ تو سالم نہین ہے آفت سے انتہی اس قول امام غزالی سے معلوم ہوا کہ
جسکو ظاہری عقل اچھا سمجھے وہ اچھا نہین ہوتا بدون بیان شارع کے اچھا اور برا ہونا اشیا کا
مشتبہ ہے اہل بدعت نے صدہا چیز کو اپنی عقل سے بدعت حسنہ قرار دیا ہی یہہ بات اونکی ہرگز قابل
اعتبار نہین ✽ **سوال دوم** جو مسائل کہ بالفعل مختلف فیہ ہین اونمین عوام کو تقلید کسکی کرنا
الجواب جو مسائل مختلف فیہا بین العلما ہین تو اونمین اون لوگون کی پیروی کرنی چاہیے
جنکا قول کتاب اور سنت اور سیر سلف کے موافق ہو اور جو لوگ احداث اور ترویج بدعتون کی کرین

اونکے قول کی تابعداری ہرگز نہ چاہیے امام غزالی اور ملا علی قاری نے لکہا ہے وان یکون شدید
التوقی من محدثات الامور وان اتفق علیہ الجمہور یعنی آدمی مومن کو چاہیے کہ بہت بچتا رہے نئے کاموں
اور بدعتوں سے اگرچہ متفق ہوں اوسپر جمہور یہہ بات بہی قابل غور ہے بدعات مین قول جمہور کا اعتبار
نہین علاوہ برین جو مسائل مختلف فیہا ہوں اونکا ترک چاہیے بموجب قاعدہ مقرر فقہاء کرام کے
اذا اختلف الحلال والحرام غلب الحرام یعنی جس وقت ایک چیز کی حرمت اور حلت مین اختلاف ہو تو
حرمت کی جانب کو ترجیح دیجاتی ہے اس سے معلوم ہوا کہ جب اختلاف ایک چیز کی حرمت اور حلت
مین یا کراہت و جواز مین اختلاف ہو تو حرمت اور کراہت کو ترجیح دیتے ہین اسیطرح جس چیز کی بدعت
اور سنت مین اختلاف ہو تو ایسی چیز کے منع ہونیکو ترجیح دیتے ہین + **سوال سوم** استعانت اہل
قبور سے جایز ہے یا نہین اور سفر کر کے خاص واسطے زیارت اہل قبور کے جانا اور ہر سال قبر پر یا حوالی مین اوسکے
کثرت سے چراغ جلانا کہ جسکو عرس کہتے ہین اور قوالون کا راگ بامزامیر ہونا اور قبر پر غلاف
ڈالنا اور منت کی چادر چڑہانا اور طواف کرنا اور بوسہ دینا اور سجدہ کرنا درست ہے یا نہین +
جواب استعانت اہل قبور سے دو طرح پر مروج ہے ایک یہہ کہ مردون سے حاجت روا سمجھکر خود
مانگنا کہ یا حضرت میری حاجت کو پورا کرو سو یہہ باتفاق اہل بدعت اور اہل سنت کے ممنوع ہے
دوسرے یہہ کہ اونسے دعا طلب کرے کہ یا حضرت تم اللہ کی جناب مین میری طرف سے دعا کرو سو یہہ
مختلف فیہ ہے صحیح یہہ ہے کہ یہہ بہی ممنوع اور بدعت سیئہ ہے شیخ عبد الحق دہلوی نے ترجمہ
مشکوٰۃ شریف مین لکہا (اما الاستمداد باہل القبور فی غیر النبی صلعم فقد انکرہ کثیر من الفقہاء
اور مدد مانگنے کا اہل قبور سے سوائے آنحضرت صلعم کے اکثر فقہائے انکار کیا ہے اور کہا انہون نے کہ زیارت نہین
وقالوا لیس الزیارۃ الا الدعاء للموتی والاستغفار لہم وایصال النفع الیہم بالدعاء وتلاوۃ القرآن
سوائے دعا کے واسطے مردون کے اور طلب مغفرت کے واسطے اونکے اور اونکو نفع پہنچانا دعا اور تلاوت قرآن شریف سے

واکثر المشایخ الصوفیۃ قدس اللہ اسرارہم وبعض الفقہاء رحمہم اللہ) اور ترجمہ فارسی مین
یعنی جایز نہین ہے اور مشایخ صوفیہ قدس اللہ اسرارہم اور بعض فقہاء رحمہم اللہ نے اسکو جایز رکھا ہے انتہی
لکھا ہے منکر شدند آنرا بسیارے از فقہا پس اس عبارت سے معلوم ہوا کہ اکثر فقہا انکار استمداد اور
استعانت اولیاء اللہ سے کرتے ہین صاحب تصحیح المسائل نے جواز براہ عدم تامل کے یہہ توجیہ کی کہ کثرت سے
کثرت فی نفسہ مراد ہے نہ اضافی سو محض غلط ہے اس واسطے کہ شیخ نے پہلے لکھا وقد انکرہ کثیر من الفقہاء اور
پھر لکھا کہ اثبتہ بعض الفقہاء جسکو ذرا سا بھی علم ہوگا جان لیگا کہ کثرت سے یہان پر کثرت اضافی مراد ہے حقیقی نہی
اور تحقیق و تنقیح سے معلوم ہوتا ہے کہ طلب حاجات دنیا حضرات انبیا علیہم السلام سے بھی بعد موت کے
جایز نہین اگرچہ اسطرح پر ہو کہ یا حضرت تم اللہ کی خدمت مین میرے واسطے دعا کرو اسواسطے کہ آنحضرت
صلعم باوجودیکہ قبر مبارک مین زندہ ہین اور کلام زائرون کا سنتے ہین لیکن صحابہ کرام نے
کبھی آپ سے باوجود واقع ہونے مصائب اور بلیات کے طلب دعا کی البتہ ایک اعرابی کا طلب دعا مزار پر انوار سے
کرنا منقول ہے سو یہہ بات قابل حجت† نہین اور حضرت امیر المومنین حضرت عمر فاروق رض کا

† اسواسطے کہ حدیث از روے اسناد قابل احتجاج و استناد نہین علماء محققین اور اکابر محدثین نے اسکے رجال مین بہت گفتگو کی ہے اور
اسکی ثقات ثبات سے نہین اور اسکو خبر منکر اور اثر غیر معتبر بتلایا ہے صارم منکی تالیف شیخ شمس الدین بن عبد الہادی مین بعد نقل اس حدیث کے
فرماتے ہین والجواب ان ہذا خبر منکر موضوع واثر مختلق مصنوع لا یصلح الاعتماد علیہ ولا یحسن المصیر الیہ واسنادہ ظلمات بعضہا فوق بعض والہیثم
جد احمد بن محمد بن الہیثم [illegible] ابن عدی ان یکن فہو متروک کذاب والا فہو مجہول قال عباس الدوری سمعت یحیی بن معین یقول الہیثم بن عدی
کوفی لیس بثقۃ کان یکذب وقال العجلی وابو داود کذاب وقال ابو حاتم الرازی والنسائی والدولابی والازدی متروک الحدیث وقال السعدی ساقط
قد کشف قناعہ وقال ابو زرعۃ لیس بشی وقال البخاری سکتوا عنہ [illegible] وقال الحاکم ابو احمد ذاہب الحدیث وقال العباس بن
محمد سمعت بعض اصحابنا یقول قالت جاریۃ الہیثم کان مولای یقوم عامۃ اللیل یصلی فاذا اصبح جلس یکذب انتہی ملخصا اور اگر ثابت بھی
ہو تو بھی مستمد علیہ اور مرجح بہ نہین ہو سکتی اسلئے کہ یہہ فعل ایک بدوی اعرابی کا ہے نہ کسی خلیفہ راشد و رشید یا مجتہد صحابی کا
قال فی الصارم المنکی وفی الجملۃ ہذہ الحکایۃ المذکورۃ لیست مما تقوم بہ حجۃ واسنادہا مظلم مختلف ولفظہا مختلف ایضا ولو کانت ثابتۃ
لم یکن فیہا حجۃ علی مطلوب المعترض فلا یصلح الاحتجاج بمثل ہذہ الحکایۃ ولا الاعتماد علیہا عند اہل العلم [illegible]

اس ساری قصہ سی مطلع ہونا ہرگز ثابت نہین اور جو شخص مدعی اسکا ہو اوسکو لازم ہی کہ بسند
صحیح اوسکو ثابت کرے علاوہ برین حضرت عمر فاروق رضہ کا طریقہ تھا کہ جب قحط پڑتا تو حضرت
عباس رضہ سے توسل کرتے اور کبھی اکابر صحابہ نے آنحضرت صلعم سے دعا بعد انتقال کے نہ منگوائی
اور اعرابی کا فعل ایسا ہی جیسا کہ بعض صحابہ نے مس قبر شریف کر لیا اور وہ فعل علما کے نزدیک
حجت نہین اسیطرح اس فعل کا بھی حال ہے پس معلوم ہوا کہ جب جناب سرور کائنات صلعم سے
استعانت بدعت ٹھہری تو اور اولیاء سے بدرجہ اولی جایز نہو گی نتایج المرام مین ہے (قال الشیخ
کہا شیخ امام
الامام الاجل الوصالح محمد بن ابراہیم الشیرازی بالقیع فی بلاد العجم من بسط الفرش وضرب الخیام
اجل الوصالح محمد بن ابراہیم شیرازی نے جو کہ بلاد عجم مین فرش بچھانے اور خیمہ کھڑا کرنیکا اولیاء کے مقبرہ کے پاس بدعتی ہے
عند مقبرۃ الاولیاء الکرام والعوام یستمدون بہم ویستغیثون ویتضرعون الیہم فکلہ مکروہ والمکروہ
اور عوام لوگ اونسے مدد مانگتے ہین اور اونسے وثیقے ہین اور او نکے روبرو عاجزی کرتے ہین یہہ سب مکروہ ہی اور مکروہ قریب حرام
اقرب الی الحرام) انتہی اور غرایب فی تحقیق المذاہب مین مرقوم ہے (رأی الامام ابو حنیفہ من یاتی
ہے امام ابو حنیفہ نے ایک شخص کو دیکھا کہ
القبور لاہل الصلاح فیسلم ویخاطب ویتکلم ویقول یا اہل القبور ہل لکم من خبر وہل عندکم من
ایک بزرگ کی قبر کے پاس آیا اور سلام کیا اور مخاطب ہوا اور کہا کہ ای اہل قبور آیا تمکو کچھ خبر ہے اور کچھ تمہارے پاس اثر ہے
اثر انی اتیتکم ونادیتکم من شہور ولیس سوالی منکم الا الدعاء فہل دریتم ام غفلتم فسمع ابو حنیفہ
تمہارے پاس آیا ہون اور مہینون سے تمکو پکارتا ہون اور تم سے دعا چاہتا ہون تم جانتے ہو یا نہین پس امام ابو حنیفہ نے اوسکا
یقول یخاطب بہم فقال ہل اجابوا لک قال لا فقال لہ سحقا لک وتربت یداک کیف تکلم اجسادا
کلام سنا اور کہا کہ تجکو انہون نے جواب دیا اوسنے کہا کہ نہین ابو حنیفہ نے کہا کہ دوری ہو تجھے اور خاک آلودہ ہون ہاتھ تیرے ایسے جسمون
لا یستطیعون جوابا ولا یملکون شیئا ولا یسمعون صوتا وقرء وما انت بمسمع من فی القبور انتہی) مولانا
سے تو کلام کرتا ہے کہ اونکو جواب دینے کی طاقت ہے اور نہ کسی چیز کے مالک ہین اور نہ کچھ سنتے ہین اور یہہ آیت پڑھی کہ جو قبرون مین ہین
عیسی بن قاسم سندھی تنبیہ المرام مین لکھا لا یجوز الاستعانۃ باہل القبور وعلیہ الجمہور یعنی استعا
تو اونکو نہین سنا سکتا
جایز نہین اہل قبور سے اور یہی مذہب جمہور کا ہے ۔ جاننا چاہیے کہ مسئلہ استعانت اہل قبور
کا مبنی ہی ثبوت سماعت موتی پر جو لوگ سماعت کے قائل ہین اونکے نزدیک مردون سے استعانت
ہوسکتی ہے اور جو لوگ منکر سماعت ہین اونکے نزدیک استعانت یعنی دعا منگوانا مردون سے

متصور نہین لہذا بحث سماعت موتی کے بھی اس جگہ بطریق اجمال مناسب ہے اور بیان ہر چند
دلائل انکے لکھی جاتی ہین لیکن جواب شبہات منکرین سے دیا جائیگا اور اس سب مضمون
کو ہم چار مسالک اور ایک افادہ پر منقسم کرتے ہین مسلک اوّل مین اثبات عدم سماعت
اموات کا ہے قرآن مجید سے لیکن اثبات عدم سماعت کا قرآن مجید سے موقوف ہے چند امور کے
بیان پر جبتک وہ بیان نکیے جاوینگے مطلوب حاصل نہوگا اور یہ بات بھی یاد رکھنے کے قابل ہے کہ جس آدمی
کو علم معانی اور بیان مین کچھ دخل ہوگا اور خداوند کریم نے اسکو فہم صائب عطا کیا ہوگا وہ اس بات
مین شبہ نکریگا کہ اسمین مخالفین جو تاویل کرتے ہین محض باطل ہے آپ باتین ضروری سنو قال اللہ
تعالی (وما انت بمسمع من فی القبور) یعنی تو اے محمد صلعم سنانیوالا اہل قبور کا نہین یہ آیت سورۂ فاطر
مین ہے اور سورۂ نمل اور سورۂ روم مین ہے انک لا تسمع الموتی ولا تسمع الصم الدعاء اذا ولوا مدبرین
یعنی تو اے محمد صلعم نہین سنا سکتا مردون کو اور بہرون کو جسوقت وہ پیٹھ پہیرین یعنی بہرے جسوقت
پیٹھ پہیرین اسوقت انکو تو نہین سنا سکتا آیت (وما انت بمسمع من فی القبور) ترشیح ہے
بالتمثیل اور آیہ کریمہ انک لا تسمع الموتی تمثیل علی سبیل الاستعارہ ہے جب ثبوت تمثیل
یا ترشیح کا آئینہ نہین ہوجائیگا بعدم سماعت موتی قرآن مجید سے ثابت ہوجاویگی اور تاویل مشتقین
سماع کی جڑ سے اکہڑ جاویگی تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ استعارہ کئی طرح پر ہے ایک استعارہ بالکنایہ
اور ایک استعارہ مرشحہ جسکو ترشیح بھی کہتے ہین اور ایک استعارہ تحقیقیہ اور ایک استعارہ تخئیلیہ
اور ایک مطلقہ اور ایک مجردہ اور ایک مصرحہ استعارہ مصرحہ اسکو کہتے ہین جسمین اطلاق
اسم مشبہ بہ کا مشبہ پر ہووے جیسے لفظ اسد کا کہ موضوع شیر کے لئے ہے رجل شجاع کے لئے

مستعار کرنا مثلاً رایت اسداً فی الحمام یعنی دیکہا مینے شیر کو حمام مین اور مراد اوس سے مرد شجاع ہو
یا قتل کا ضرب شدید کے لئے مستعار کر لینا جیسے قتلتہ یعنی مار اینے اوسکو بضرب شدید لفظ اسد کو کہ بمعنی شیر
ہی مستعار منہ کہتے ہین اور رجل شجاع کو مستعار لہ اور مطلقہ اوسکو کہتے ہین جسمین نہ مناسبات مستعار کے
مذکور ہون نہ مستعار منہ کے جیسے عندی اسد یعنی پاس میرے شیر ہے اور مستعار لہ اگر متحقق حسا یا عقلاً
ہو اوسکو استعارہ تحقیقیہ کہتے ہین جیسے لفظ اسد کا رجل شجاع کے لئے مستعار کر لیا اور رجل شجاع
حساً متحقق ہی یا آیۃ اہدنا الصراط المستقیم مین مراد صراط المستقیم سے دین حق ہے اور دین حق
مشار الیہ باشارہ عقلی ہی اور تحقق اوسکا عقلاً ہی پہر اگر کوئی شی مناسب مستعار لہ کے مذکور ہو اوسکو
مجردہ کہینگے جیسے قول عرب کا مشہور ہے کہ فلان شخص غمر الردا ہی یعنی کثیر العطا ہے ردا کا استعارہ
اوس عطا کے لئے کر لیا کیونکہ جیسے چادر سے آدمی کی آبرو محفوظ رہتی ہی اسیطرح عطا سے بہی پہر غمر
کا لفظ جو عطا کے مناسب ہے اوسکا ذکر کیا اور عطا مستعار لہ ہی اگر کوئی امر ایسا کہ مناسب مستعار منہ کے ہو
اوسکو ذکر کرین تو وہ ترشیح ہو گی مثلاً خدا تعالی فرماتا ہی اولئک الذین اشتروا الضلالۃ بالہدی فما ربحت
تجارتہم اشترا کو بہلے بدلنی کے معنی مین لے لیا بطریق استعارہ یعنی ان کافرون نے بدل لیا گمراہی
کو عوض ہدایت کے پس نہ فائدہ دیا تجارت اونکی نے اصل معنی اشترا کے مول لینے کے ہین لیکن یہان پہ
بمعنی استبدال ہی فما ربحت تجارتہم مین ربح بمعنی فائدہ کی ہے اور مول لینے سے ربح مناسبت رکہتا
ہے جو مستعار منہ ہے الغرض ترشیح اوسکو کہتے ہین کہ مستعار منہ کے کوئی چیز مناسب مذکور ہو اور استعارہ
بالکنایہ اوسکو کہتے ہین کہ اوسمین سوائے مشبہ کے اور کوئی چیز ارکان تشبیہ سے مذکور نہو جیسے انشبت المنیۃ
اظفارہا گاڑی موت نے ناخن اپنے موت مشبہ ہی اور جانور درندہ مشبہ بہ ہے اور ناخن جو موت کے لئے

نہ ہیگی یہہ دوسرا استعارہ تخییلیہ ہے اور یہہ بھی متعین ہے کہ ترشیح انواع مجاز سے نہیں اور ہمیں متعارف ہے معنی اصلی
حقیقی مراد ہوا کرتے ہین اور تشبیہ اصطلاح مین اوسکو کہتے ہین کہ دلالت کرنے مشارکت ایک امر پر دوسرے
امر کے ساتھہ کسی معنی مین اور یہہ دلالت بطریق استعارہ تحقیقیہ اور استعارہ کنیہ اور تجرید کے نہو
جیسے زید اسد یعنی زید شیر ہے یعنی مثل شیر کے ہے یا جیسے صم بکم عمی فہم لا یرجعون یعنی کفار بہرے ہین
اور گونگے اور اندہے پس وہ نہین رجوع کرینگے مفسرین نے لکہا ہے کہ یہہ تشبیہ بلیغ ہے ساتھہ
حذف حرف تشبیہ کے اور استعارہ نہین کیونکہ استعارہ وہان ہوا کرتا ہے جہان ذکر مستعار لہ
کا نہو اور یہان پر لفظ ہم محذوف ہے حکم منطوق مین اور ایک تمثیل علی سبیل الاستعارہ ہوتی ہے
اوسکی مثال یہہ کہ اراک تقدم رجلاً وتاخر اخری یعنی دیکہتا ہون مین تجہکو کہ آگے کرتا ہے
تو پاؤن کو اور پیچہے رکہتا ہے اس بات سے اوس شخص کو تشبیہ دیا کرتے ہین کہ جو کسی بات مین
متردد ہو کبہی ارادہ کہنے اور لکہنے کا کرے اور پہر باز آئے خلاصہ تمثیل علے سبیل الاستعارہ کا یہہ ہے
کہ ایک صورت چند چیزون سے منتزع ہو اور اوسکو دوسری صورت سے جو منتزع چند امور سے ہوئی ہے
تشبیہ دین جیسے کہ اوس شخص کو جو متردد جواب مین ہو اوس شخص کے ساتھہ تشبیہ دین کہ جو پاؤن کبہی
اوٹہاتا ہے آگے کو پہر پیچہے رکہتا ہے جب یہہ باتین سب معلوم ہو چکین تو اب ہم کہتے ہین کہ آیہ
کریمہ وما انت بمسمع من فی القبور مین ترشیح ہے اسطرح پر کہ حق سبحانہ تعالی نے فرمایا کہ ما یستوی
الاحیاء ولا الاموات یعنی نہین برابر ہین مردے اور زندے کفار کو اموات کے ساتھہ تشبیہ دی اور
مناسب جو اموات کے عدم سماعت تہی اوسکا ذکر بطریق ترشیح کیا وما انت بمسمع من فی القبور یعنی
تو سنانیوالا نہین اہل قبور کو پس نہ سننا مردون کا اس آیت سے ثابت ہو گیا لیکن اسمقام پر

پر اگر کوئی شبہ کرے کہ تمہی یہ معنی آپ کہتے ہو یا کوئی اہل تفسیر سے نقل کرتے تو ہم مان جاتے اگرچہ کہنا اور لکہنا
تمہارا بہی قواعد معانی بیان کے موافق ہے لیکن تسکین بدون ذکر عبارت اہل تفسیر کے نہو گی تو جواب
اسکا یہہ ہی کہ ہم یہان دو بڑے مفسر قرآن کے جو علم معانی اور بیان مین یکتاے عصر تھے اس مطلب کو نقل
کرتے ہین وہ دو کون ہین علامہ زمخشری اور قاضی ناصر الدین بیضاوی کہ جنکی تفسیر کشاف اور
بیضاوی تمام عالم مین مشہور ہے بیضاوی نے تفسیر آیت کریمہ مین کہا (وما انت بمسمع من فی القبور
ترشیح لتمثیل المصرین علی الکفر بالاموات ومبالغة فی تناهیهم عنهم) یعنی قول اللہ تعالے کا وما انت بمسمع
من فی القبور ترشیح ہی واسطے تمثیل اور تشبیہ مصرین علی الکفر کے ساتہہ مردون کے اور مبالغہ ہی بیچ ناامید
کرنے آنحضرت صلعم کے انسے انتہی تو اب دیکہو ہمارے لکہنے مین اور بیضاوی کے لکہنے مین کچہہ فرق نہین اور
یہہ ہمنے آگے لکہا یا کہ ترشیح کے مفردات مین تغیر نہین ہوتا تو موتی اور سماعت کا لفظ اپنے معنی
حقیقی پر رہا اور زمخشری نے اس آیت کو تمثیل علی سبیل الاستعارہ قرار دیا چنانچہ کہتا ہے
(ان اللہ یسمع من یشاء یعنی انه قد علم من یدخل فی الاسلام ومن لا یدخل فیهدی الذی قد علم
ان الهدایة تنفع فیه ویخذل من علم انها لا تنفع فیه واما انت فخفی علیک امرهم فلذلک تحرص وتتهالک
علی اسلام قوم من المخذولین ومثلک فی ذلک مثل من یرید ان یسمع المقبورین وذلک مما لا سبیل
الیه) انتہی یہہ قول اوسکا کہ مثال تیری مثال اوس شخص کی ہے وہی تمثیل علی سبیل الاستعارہ ہے
کہ صورت منتزعہ چند امرون سے لی جاوے اور دوسری صورت سے اوسکی تشبیہ دیجاوے الغرض اس تقدیر پر
بہی سماعت اور من فی القبور سے مراد معنی حقیقی ہونگے کہ تمثیل علی سبیل الاستعارہ کے مفردات مین تغیر نہین
ہوتا زمخشری کا قول اس سبب سے کہ وہ علماے عربیت کے اور پیشواے نحویین کا ہی نقل کیا گیا اور چونکہ

عدم سماعت موتی معتزلون کے ساتھہ مختص نہین بلکہ جمہور اہل سنت کا مذہب ہے اسواسطے اعتزال کا شبہہ
نہین سمجہا جائیگا اور یہی قاضی ناصر الدین بیضاوی نے تفسیر آیہ کریمہ (انک لا تسمع الموتی) مین لکھا ہے (وہم مثلہم
لما سدوا عن الحق مشاعرہم یعنی یہہ کفار مثل مردون کے ہین ہرگاہ کہ بند کیا اُنہون نے حق سے حواس
اپنی کو انتہی) تفسیر معالم التنزیل مین ہے (ومعنی الآیۃ انہم لفرط اعراضہم عما یدعون الیہ کالمیت الذی لا سبیل الی
اسماعہ والصم الذی لا یسمع یعنی یہہ کفار بسبب یاوتی اعراض اپنی کے اوس چیز سے کہ بلائے جاتے ہین طرف
اوسکے مثل مردون کی ہین کہ نہین سبیل ہے اوسکے اسماع کی اور مثل بہرے کے ہین کہ نہین سنتا ہے
یہان سے بھی تمثیل ظاہر ہوتی ہے اور تمثیل مفید ہمارے مدعا کو ہے اور مخالفین کو سراسر مضر اور اس سے صاف
معلوم ہوتا ہے کہ لفظ موتی اور سماع سے معنی حقیقی اوسکے مراد نہین ہین جیسا کہ مخالفین بوجہ بے تدبری کے
سمجھنے مین اور ایک تقریر مختصر یہان پر اور بھی کیجاتی ہے کہ جس سے مطلب خوب واضح ہوجاوے
بیان اوسکا یہہ ہے کہ جب کوئی آدمی باوجود اوس وصف کے اور جو اوسکا مقتضا ہے عمل نہین کرتا تو اوسکے
وصف موجود کو بمنزلہ عدم کے قرار دیتے ہین مثلاً ایک شخص آنکھون والا ہے اور وہ کسی مسجد مین یا کسی
اپنے فرش پر جوتا پہنکر چلا جاوے تو اوس سے کہا جاتا ہے کہ تو اندہا ہے یا کوئی شخص کسی عالم جلیل القدر یا
کسی حاکم ذی عزت کے سامنے ایسی باتین کرے کہ جو اوسکو لایق نہین ہے تو عرف مین بولتے ہین کہ تو اندہا ہے
دیکھتا نہین کیونکہ مقتضی آنکھون کا یہہ تہا کہ ایسے ذی عزتون کے سامنے یہہ حرکت نکرتا لیکن گویا اوسنے
دیکھا نہین لہذا بمنزلہ اندہے ہونکے ہے اور اسیطرح کسی شخص کو کوئی پکارے اور وہ جواب نہ دے تو کہا جاتا
کہ میان بہرے ہو یعنی جسطرح اندہون اور بہرون کا کام ہی کہ وہ دیکھتے اور سنتے نہین ایسی ہی اس
شخص کا حال ہے اسیطرح ان دونون آیتون مین خداوند تعالی نے کافرون کو بہرا اور مردہ قرار دیا

یعنی جیسے کام مردے اور بہرے کا ہے کہ وہ سُنتے نہین اسیطرح ان کافرون کا بسبب فرط اعراض کے
حال ہے اور اسی جہت سے خداوند تعالی نے دوسری جگہہ بہرا اور اندہا اور گونگا قرار دیا ہے یعنی جیسے
بہرے اور اندہے اور گونگے کا حال ہے اسیطرح یہہ کافر سنتے اور دیکہتے نہین لیکن اس آیت سے یہہ
بہہ بات معلوم ہوتی ہے کہ بہرے اور اندہے اور گونگے اور مردے کا کام یہی ہے کہ وہ سُنتے دیکہتے بولتے
نہین مثبتین سماع اموات نے آیات مذکورہ مین تین توجیہین کی ہین اول یہہ کہ موتی سے مراد کافر ہین
بطریق استعارہ کے نہ مردے دوسری یہہ کہ سماعت سے مراد قبول کرنا حق کا ہے تیسرے یہہ کہ آنحضرت صلعم
کی طرف خطاب ہے کہ تم مردون کو نہین سُنا سکتے نہ یہہ کہ مردے حقیقت مین نہین سُنتے اور یہہ تینون جواب
محض غلط ہین چنانچہ ہماری تقریر سابق کو جو کوئی دیکہیگا سو اسکا یقین کریگا لیکن جواب اخیر
کے باب مین یہان کچہہ اور بہی ہم لکہتے ہین سو سُننا چاہیئے کہ سماعت کو بمعنی قبول لینا معنی مجازی
ہین اور حقیقت کے سوا معنی مجازی بغیر قرینہ کے لینا غیر جائز ہین اور مجاز متعارف اسکو کہنا بہی غلط
ہی سماعت بمعنی قبول ہرگز مجاز متعارف نہین تیسرے جواب کا یہہ حال ہے کہ آنحضرت صلعم بذاتہ
کو بہی نہین سنا سکتے تہے قادر حقیقی اللہ ہے حالانکہ اسی آیت مین ہے (ان تسمع الّا من یومن
بآیاتنا یعنی تو نہین سنانیوالا ہے مگر اوس شخص کا کہ ایمان لاوے ساتہہ آیت ہماری کے اور اگر
باعتبار عادت کے لیا جاوے تو کیا وجہ ہے کہ آنحضرت صلعم اُن لوگون کو کہ جنہین استعداد اور قوت سماعت
کی ہے نہ سُنا سکین بڑی تعجب کی بات ہے کہ حضرات اہل بدعت اپنے مردون کو سنانیوالے ہووین
اور آنحضرت صلعم اونکو نہ سنا سکین اور حقیقت مین بات وہی ہے جو شاعر نے عربی مین کہی ہے
- لقد اسمعت لو نادیت حیا ٭ ولکن لا حیاۃ لمن تنادی - ترجمہ یعنی تو بیشک سُنا دیتا

اگر پکارتا کسی بندہ کو لیکن نہین جانتا ہے واسطے اوس شخص کے تو پکارتا ہے آب مناسب معلوم ہوتا ہے کہ
اپنی تائید مدعا مین قرآن مجید سے ایک قصہ لکھون کہ اوسکو دیکھکر سب اہل انصاف عدم سماعت موتی
کے مقر ہو جاوین تیسرے پارہ کے دوسرے رکوع مین ہے (او کالذی مر علی قریۃ وہی خاویۃ علی
عروشہا قال انی یحیی ہذہ اللہ بعد موتہا فاماتہ اللہ مائۃ عام ثم بعثہ قال کم لبثت قال لبثت یوما او
بعض یوم قال بل لبثت مائۃ عام الآیہ ترجمہ اوسکا یہہ ہے یا نہ دیکھا تو نے اوس شخص کو کہ گذرا
ایک گاؤن یعنی بیت المقدس یا اور کسی قریہ پر اور وہ گاؤن گرا ہوا تھا اوپر چھتون اپنی کے
یعنی ویران تھا اس گذرنے والے نے کہ حضرت عزیر یا اور شخص تھا کہا کہ کیونکر زندہ کریگا یعنی اللہ
کریگا اسکو اللہ پس مار ڈالا اوسکو اللہ نے سو برس تک پھر جلایا اور پوچھا کہ کتنی دیر ٹھہرا رہا تو
کہا ٹھہرا مین یعنی مردہ پڑا رہا ایکدن یا کم فرمایا بلکہ مردہ پڑا رہا تو سو برس تک دیکھ اپنے کھانے
اور پینے کو کہ نہین بگڑا اور دیکھ اپنے گدہے کو اور تاکہ کرین ہم تجھکو نشانی واسطے لوگون کے اور دیکھ
طرف ہڈیون کی کیونکر جنبش دیتے ہین ہم اونکو پھر پہناتے ہین ہم گوشت جب یہہ حال اوسکو معلوم
ہوا اقرار کیا کہ اللہ ہر شے پر قادر ہے انتہی یہانتک مطلب قرآن کا خلاصہ کرکے بیان کیا گیا حضرت عزیر کے
گدہے کی ہڈیان باقی رہ گئین تہین اللہ تعالیٰ کی قدرت سے کھانا پانی تک نہ بگڑا تھا اللہ نے گدہے کو زندہ کر دیا اس
سے صاف واضح ہے کہ مردہ کو دنیا کی چیزون کا ادراک نہین ہوتا اگر ادراک ہوتا تو آفتاب کا
نکلنا اور رات کا ہونا اور پانی کا برسنا اور لوگون کے گذرنے کا حال اور جو حوادث پیش آئے سبھے
سب اونکو معلوم ہوتے یہہ کیون کہتے کہ مین ایکدن یا اس سے کم مردہ رہا اس غفلت کو خیال کرنا چاہیے
مخالفین کے نزدیک حلوا اور مانڈا جو کچھہ چڑہتا ہے اُن سب کے اولیاء اللہ کو خبر ہوتی ہے بلکہ چڑہاوا چڑہ

کو مردے پہچانتے ہین پہر کیا وجہ ہی کہ حضرت عزیر کو ایسی غفلت ہوگئی فقط + **دوسرا مسلک**
اثبات عدم سماعت کا حدیث شریف سے ابو داؤد اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی اور بیہقی نے حضرت
اوس ابن اوس سے روایت کی کہ آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ افضل ایام تمہاری کا روز جمعہ ہے کہ اوسمین آدم
پیدا کیے گئے اور اوسمین قبض کیے گئے اور اوسمین نفخہ ثانیہ ہوگا اور اوسمین صعقہ ہوگا کہ اوسکی دہشت سے انسان
مرجاوینگے پس اکثر کرو تم اوپر میری درود کو اوسمین پس تحقیق کہ درود تمہارا عرض کیا جاتا ہے اوپر میرے صحابہ
نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ کیونکر عرض کیا جاتا ہے درود ہمارا اوپر تمہارے وقت ارمت یعنی تم گلجاوگے آپ نے فرمایا
کہ (ان اللہ حرم علی الارض اجساد الانبیاء) مقرر اللہ تعالی نے حرام کیا اوپر زمین کے کہانا جسمون انبیاکے
اس حدیث سے کئی باتین معلوم ہوئین ایک یہہ کہ صحابہ کے نزدیک یہہ بات مقرر تہی کہ عرض سلام وکلام
بغیر حیات کے نہین ہوتا اور جو گلجاتا ہی اوسکو شعور وادراک نہین رہتا دوسرے یہہ کہ انبیاء اللہ زندہ ہین
تیسرے یہہ کہ گلنا بدن کا خاصہ انبیا اللہ علیہم السلام کا ہی الا ماندر چوتھے یہہ کہ اگر اور مردے بہی سنا کرتے
تو آنحضرت صلعم جواب مین یون فرماتے کہ سب مردے ایسے ہین کہ اونپر باتین عرض کیجاتی ہین تخصیص
انبیا کے نکرتے پس معلوم ہوا کہ مردے اپنی قبر مین سوا انبیا علیہم السلام کلام زائرین اور ملائکہ کا جو
متعین اہل دنیا پر ہین نہین سنتی بخاری اور مسلم مین ابو قتادہ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلعم پر ایک جنازہ
گذرا پس فرمایا آپنے کہ مستریح ہی یا مستراح منہ یعنی وہ شخص خود آرام پانیوالا ہے یا اوس سے لوگون
کو آرام ملا صحابہ رضنے عرض کیا کہ یا رسول اللہ کیا ہے مستریح اور مستراح منہ پس فرمایا آپنے بندہ مسلمان
آرام پاتا ہی تکلیف دنیا سے اور اوسکے صدمات سے طرف رحمت اللہ کے اور عبد فاجر کی موت سے عباد اور بلاد اور
شجر اور چوپائے آرام پاتے ہین پس اگر مردہ کلام احیا کو سنا کرتا تو روز اوسکو تکلیف دنیا کی پہنچتی رہتی

کوئی اوسکو گالی دیتا اور برا کہتا ہی کوئی اوسکی اولاد کو ستاتا ہے کوئی اوسکے مال کو غصب کرتا ہی علی ہذا القیاس
مسلک سوم اثبات سماعت موتی کا مشاہدہ ہی ہم دیکھتے ہین کہ جب آدمی کی آنکھین بند کر دو یا آدمی کی
آنکھین جاتی رہین یا کان بند کر دو یا اوسکے کان جاتے رہین تو وہ سنتا اور دیکھتا نہین باوجودیکہ وہ جسمین
روح موجود ہوتی ہی اور ایسی ہی جب آدمی سو جاتا ہے تو اوسکو کچھہ نظر نہین پڑتا اور نہ کچھہ دیکھتا ہے اور
اسی واسطے حکمای محققین نے لکھا ہی کہ عقل و نفس انسانی مدرک جزئیات بالآلات ہین یعنی بواسطہ آنکھہ ناک
کے چنانچہ شرح سلم قاضی اور شرح اشارات محقق طوسی مین مصرح ہے اور یہہ بات جو اشخاص کہا کرتے ہین
کہ جبتک روح اس جسم مین رہتی ہی تب تک محتاج حواس کی ہوتی ہی اور بعد مرنیکے سب چیزین اوسپر منکشف
ہو جاتی ہین اور سب چیزون کو دیکھتی ہی اور سبکی آواز سنتی ہی محض بے بنیاد بات ہے مخالف قرآن و حدیث
کے مسلک چہارم اقوال فقہا حنفیہ کے ہین اور چونکہ ہمارے مخالفین کے نزدیک تقلید امام اعظم صاحب کی
فرض او واجب ہے تو اونکے نزدیک یہہ اقوال افادہ مدعا مین قرآن اور حدیث سے کم نہونگے بیان اوسکا
علی سبیل الاجمال یہہ ہے کہ کتاب ہدایہ و عنایہ حاشیہ ہدایہ اور کفایہ حاشیہ ہدایہ اور فتح القدیر حاشیہ
ہدایہ اور بنایہ حاشیہ ہدایہ اور عینی شرح کنز اور مستخلص شرح کنز اور عینی شرح ہدایہ اور شرح جامع کبیر
حصیری اور شرح جامع صغیر مین یہہ بات مصرح ہی کہ مردے نہین سنتے چونکہ ان عبارات کی نقل مین تطویل
بہت ہو جاتی لہذا مین فتح القدیر پر کہ محقق ابن الہمام رئیس حنفیہ کی تصنیف ہی اکتفا کرتا ہون (و
محملہ عند اکثر مشایخنا ہو ان المیت لا یسمع عندہم علی ما صرحوا بہ فی کتاب الایمان لو حلف لا یکلمہ فکلمہ میتاً
لا یحنث لانہا تنعقد علی ما یفہم والمیت لیس کذلک لعدم السماع) خلاصہ اسکا یہہ ہی کہ ہمارے مشایخ حنفیہ کے
نزدیک مردے نہین سنتے اسیواسطے تلقین کی حدیث مین اونہون نے مرنے کے لفظ کو معنی مجازی پر محمول

کیا ہی یعنی جو قریب الموت ہوا و تصریح اسکی مشایخ حنفیہ نے کتاب الایمان مین کی ہی اگر کسی شخص نے قسم کہائی کہ مین
فلان شخص سے کلام نکرونگا اور بعد مرنے اوس شخص کے کلام کیا تو اس شخص پر قسم نہ آویگی کیونکہ کلام سے
مقصود سمجہانا ہوتا ہی اور مردے کو فہم بسبب نہ سننے کے نہین غور کرنیکا مقام ہی کہ تمام کتب فقہ مین یہہ
مسئلہ لکہا ہی اور باوجود اسکے یہہ حضرات نہین مانتے کافی شرح وافی جو صاحب کنز کے تصنیف ہی اوسمین بہی
مسئلہ عدم سماعت موتی کا بتفصیل تمام مرقوم ہی من شاء فلینظر فیہ البتہ بعض صاحب اس مسئلہ فقہیہ
کا جو کتاب الایمان مین مذکور ہوتا ہے بغیر سمجہے ہوئے یہہ جواب دیتے ہین کہ مبنی ایمان کا عرف پر
ہے تو غایت الامر عدم سماعت عرفی کتب فقہا سے ثابت ہوگی نہ نفی سماع حقیقی کی جواب اسکا یہہ ہے
کہ عرف جو معتبر ہوا کرتا ہی وہ الفاظ یمین مین ہی مثل واللہ لا اکلم فلانا تو اگر یہہ کہتے کہ مردے کے
ساتہہ کلام کرنے کو عرف مین کلام نہین کہتے تو البتہ کچہہ گنجایش مناسب حال کے ہوتی اور فقہائے
کرام یہان اسکی علت عدم سماعت موتی لکہتے ہین اور آیہ کریمہ انک لاتسمع الموتی سے عدم
سماعت کے اوپر استدلال کرتے ہین اور حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے بہی اسی آیہ کریمہ
سے عدم سماعت پر استدلال کیا ہے چنانچہ بخاری شریف مین موجود ہے فقہائے کرام اسکو پیش
کرتے ہین احتمال اسبات کا کہ مبنی ایمان کا عرف پر ہے پیش کرنا کمال تعصب پر دلالت کرتا ہے

افادہ جواب شبہات مثبتین سماع اموات مین ÷ جاننا چاہیے کہ مثبتین سماع اموات چند احادیث سے
اپنے مدعا کو ثابت کرتے ہین اول یہہ کہ بخاری شریف مین مذکور ہے کہ آنحضرت صلعم نے بدر مین
کفار قریش سے بعد مرنے کے خطاب کیا ہل وجدتم ما وعد ربکم حقا اور حضرت عمر نے کہا کہ یا رسول اللہ
آپ مردون سے کلام کرتے ہین کہ جنمین روح نہین آپنے فرمایا کہ تم ان سے زیادہ نہین سنتے اسکو

اسکو جو مین آپکے لئے کہتا ہون جواب † اول اوسکا یہہ ہے کہ پوری روایت بخاری کی تمنے نہین دیکھے کہ اوسمین قتادہ سے مروی ہے (احیاہم اسد حتی اسمعہم قولہ یعنی زندہ کردیا اللہ تعالی نے اونکو یہہ سنانا قال آنحضرت صلعم کا تاکہ اونکو حسرت اور ندامت ہو اس سے معلوم ہوا کہ یہہ آنحضرت صلعم کے ساتھہ مخصوص تھا دوسرا یہہ کہ وہ معجزہ آنحضرت صلعم کا تھا چنانچہ صاحب مشکوۃ نے اس حدیث کو کتاب المعجزات مین ذکر کیا ہے اور محقق ابن الہمام نے بہی فتح القدیر حاشیہ ہدایہ مین اسکو معجزات مین گنا ہے اور دوسری دلیل اونکی یہہ ہے کہ مشکوۃ شریف مین موجود ہے کہ آنحضرت صلعم نے ارشاد فرمایا کہ مردہ جسوقت قبر مین رکہا جاتا ہی تو دو فرشتے ایک منکر اور ایک نکیر اوسکے پاس آتے ہین اور اوسکا حال یہہ ہوتا ہے کہ وہ اونکی جوتیون کی آواز سنتا ہی جو اوسکو دفن کرکے جاتے ہین جواب اسکا یہہ ہے کہ شیخ کمال الدین ابن الہمام نے فتح القدیر مین اسطرح پر کہا ہی کہ جمع کرنے اس حدیث اور دونون آیتون سے کہ وہ انک لا تسمع الموتی وما انت بمسمع من فی القبور ہین یہہ معلوم ہوتا ہے کہ یہہ اوسوقت کا حال ہے کہ جب مردہ سے سوال کیا جاتا ہے یعنی یہہ اوسوقت کا ذکر ہے کہ مردہ کو قبر مین منکر نکیر کے سوال و جواب کے لئے زندہ کرتے ہین پس یہہ حال وقت خاص کا ہوا اور اسمین کسی طرح کی قباحت نہین آئی اگر جو آدمی جو یہہ کہتے ہین کہ اگر وہ مردہ سنتا نہین تو اوس سے سلام علیک کیون کہی جاتی ہے حالانکہ حدیث مین آیا ہے زیارت قبور کے وقت السلام علیک یا اہل القبور کہنا چاہیئے جواب اسکا یہہ ہے کہ خطاب سے یہہ لازم نہین آتا کہ مخاطب سنتا بہی ہو دیکہو بخاری شریف مین ہی کہ حضرت عمر نے پتہر سے کہا کہ انی لاعلم انک حجر لا تنفع ولا تضر اور مکہ معظمہ سے آنحضرت صلعم نے یہہ خطاب کیا (ما اطیبک من بلد واحبک الی ولولا ان قومی اخرجونی منک ما سکنت غیرک یعنی تو

† اور یہہ حدیث اسکی بعد باب المغازی (الآیۃ) جو مروی ہے روایت حضرت عائشہ و عبد اللہ بن عمر کتاب المغازی صحیح بخاری کا [illegible] واقع ہے [illegible] سے مترشح ہے کہ القاء اہل قلیب لصفت سماعت علی سبیل الدوام [illegible] طرق عادت نہ تہا

شہرون مین میرے طرف محبوب ہے اور اگر میری قوم مجکو تجھسے نہ نکالتی تو مین تیرے سوا کہین نہ بستا اور
ہمیشہ مخالفین رمضان مین پڑہتے ہین (الوداع الوداع یا شہر رمضان) حالانکہ شہر رمضان کی
سماعت کا کوئی معتقد نہین ہے اور شاعر کہتا ہے ع اے نسیم سحر آرامگہ یار کجاست حالانکہ
نسیم سحر کی سماعت کا کوئی اعتقاد نہین رکہتا پس معلوم ہوا کہ خطاب مستلزم سماعت کو نہین علاوہ
برین صحیح حدیث مین لفظ غیبت کا بہی آیا ہی السلام علی اہل الدیار من المومنین لیکن چونکہ اسمین ایک
طرح کی تعظیم میت کی پائی جاتی ہے اسواسطے یہہ خطاب مقرر ہوا اور یہہ جو بعض اشخاص کہا کرتے کہ حضرت
عایشہ صدیقہ نے اپنے انکار سے رجوع کیا سو محض باطل ہے کسی صحیح روایت سے رجوع انکا ثابت نہین
ومن ادعی فعلیہ البیان ** اور سفر کرنا واسطے زیارت کے موافق مذہب تحقیق کے جایز نہین رسول
اللہ صلعم نے ارشاد فرمایا لاتشد الرحال الا الی ثلثۃ مساجد یعنی سفر نکیا جاوے مگر طرف
تین مسجدون کے مسجد حرام اور مسجد اقصی اور مسجد نبوی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سفر کرنا
سوا ے مساجد ثلثہ کے جایز نہین اور مستثنی منہ اس حدیث مین لفظ موضع متبرک ہے یا موضع متقرب الیہ
اور بعض اشخاص جو کہتے ہین کہ امام احمد نے نقل کیا ہے کہ آنحضرت صلعم نے فرمایا لاتشد الرحال
الی مسجد ینبغی فیہ الصلوۃ سوا وسمین دو طرح سے کلام ہے اول یہہ کہ اس حدیث کی اسناد مین
شہر بن حوشب ہے اور اوسکے توثیق مین اختلاف ہی امام مسلم نے نقل کیا ہے کہ وہ مطعون اور
متروک ہے اور بعض محققین نے اوسکو صاحب اوہام لکہا ہے چنانچہ حافظ ابن حجر عسقلانی نے
تقریب مین لکہا کہ وہ صاحب اوہام ہی اور واقعی یہہ روایت مخالف صحاح کے ہے بخاری اور مسلم
اور موطا کسی مین یہہ زیادت نہین مذکور ہے دوسرے یہہ کہ امام مالک نے موطا مین نقل کیا عن ابی ہریرہ

قال لقیت بصرة بن ابی بصرة الغفاری فقال من این اقبلت فقلت من الطور فقال لو ادرکتک قبل ان

کہا ابو ہریرہ نے ملاقات کی مین نے بصرہ بن ابی بصرہ غفاری سے انہون نے پوچہا تم کہان سے آئے ہو ابو ہریرہ نے کہا کہ مین طور سے آیا ہون

تخرج الیہ ما خرجت سمعت رسول اللہ صلعم یقول لا تعمل المطی الا الی ثلثة مساجد الخ اور امام احمد بن

پس کہا انہون نے کہ اگر پاتا تجہکو قبل اسکے کہ تو جاتا نہ جانے دیتا سنا ہے مین نے رسول اللہ صلعم سے کہ نہ سفر کیا جاوے مگر تین مسجد ون کی طرف

حنبل نے مسند مین اور ابو زید عمر بن شبہ نمیری نے کتاب اخبار المدینة مین لکہا ہے حدثنا ابن ابی

الوزیر ثنا سفیان عن عمرو بن دینار عن طلق عن قزعة قال اتیت ابن عمر فقلت انی ارید الطور فقال

انما تشد الرحال الی ثلاثة مساجد المسجد الحرام ومسجد المدینة والمسجد الاقصی فدع عنک الطور فلا تاتہ

شاہ ولی اللہ صاحب نے مصفے شرح موطا مین لکہا مترجم گوید وجہ تخصیص درینجا آنست کہ در جاہلیت سفر

میکردند بمواضع معتبرہ غیر این مساجد بقصد خصوصیت تبرک بآن مواضع منع فرمود تا امر جاہلیت

رواج نگیرد آیا نمی بینی کہ بصرة بن ابی بصرة غفاری سفر را اشتمال بر طور دانست و ابی ہریرہ را از طور

منع کرد انتہی پس اگر مستثنی منہ لفظ مسجد قرار دیا جاوے تو استدلال ابو بصرہ اور عبد اللہ

بن عمر اور ابو سعید خدری اور سکوت ابو ہریرہ وغیرہ کا ہرگز صحیح نہوتا اور صحابہ کرام سے بہتر

دوسرا شخص حدیث کو نہین سمجہ سکتا اور ہرگز جانا ابو ہریرہ کا صرف نماز کے واسطے ثابت نہین

اور اگر بالفرض نماز کے واسطے بہی ہوتا تو مفید مدعا نہ تہا اسواسطے کہ مستثنی منہ مسجد ہے غیر مسجد کا

حکم ہرگز نہ ہوگا تیسیر الوصول مختصر جامع الاصول مین ہے عن ابی سعید الخدری قال قال رسول اللہ

ابو سعید خدری سے روایت ہے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ

صلعم لا تشد الرحال الا الی ثلثة مساجد المسجد الحرام ومسجد الرسول صلعم والمسجد الاقصی رواہ الشیخان

علیہ وسلم نے نہ باندہی جاوین کجاوے مگر طرف تین مسجد کے مسجد حرام اور مسجد نبوی اور مسجد اقصی روایت کیا اسکو بخاری و مسلم اور ترمذی نے مراد یہ ہے کہ

والترمذی المراد لا القصد موضع من المواضع بنیة العبادة والتقرب الی اللہ الا الی ہذہ الاماکن الثلثة تعظیما لہا

نہ قصد کیا جاوے کسی جگہہ کا بہ نیت عبادت اور تقرب الی اللہ کے مگر سوائے ان تین جگہہ کے بوجہ انکی عظمت وشان اور بزرگی کے ۱۲

ولتشریفا لہا انتہی مولانا شاہ عبد العزیز صاحب نے تفسیر فتح العزیز مین لکہا و از ہمین جا واضح شد

منکر اکبر ابدات بلیغہ کہ در حدیث شریف در نہی از زیارت قبور و لاتشد الرحال الا بسوے سہ موضعی غیر مساجد ثلثة

و آنکه قبور انبیا را مساجد سازند وارد شده و مدعا همین است که درین عمل اکثر جهال را اعتقادی که منتهی
را به بزرگان خود بجهت سجده است بهم میرسد و توجه الی الله صرف محض باقی نمی ماند مگر در دیده و حجاب آن
ارواح انتهی اگر کوئی کہے کہ جب تمہارے نزدیک اس حدیث کے یہہ معنی ٹھہرے تو آنحضرت صلعم کی زیارت
کے باب مین تم کیا کہتے ہو جواب اوسکا یہہ ہے کہ سفر آنحضرت صلعم کی زیارت کے واسطے ہمارے نزدیک درست
ہے اسلئے کہ اس باب مین احادیث وارد ہوئی ہین اور اکثر علما کا یہی مذہب ہے اور حضرت کی زیارت اس سے
مستثنی ہے اور ہر سال قبر پر یا حوالی مین اوسکی کثرت سے چراغ جلانا منع ہے حدیث شریف مین ہے
(لعن رسول الله صلعم زائرات القبور والمتخذین علیه المساجد والسرج یعنی لعنت کے رسول الله صلعم نے اون
عورتون پر جو زیارت قبر کرتے ہین اور اون لوگون پر جو قبرون کو مساجد بناتے ہین اور اوسپر چراغ جلاتے
ہین یہہ حدیث مشکوۃ شریف مین ہے قاضی ثناء الله پانی پتی نے ترجمہ ارشاد الطالبین مین لکھا قبور
اولیا را بلند کردن و گنبد بران ساختن و عرس و امثال آن و چراغان کردن ہمہ بدعت است بعضے

ازان حرام است و بعضی مکروہ پیغمبر خدا صلعم بر چراغ افروزان نزد قبر و سجدہ کنندگان لعنت
گفتہ و فرمودہ که قبر مرا عید و مسجد نکنید در مسجد سجدہ می کنند و روز عید برائے مجمع روزی در سال
مقرر کردہ شدہ رسول کریم صلعم علی رضی الله عنه را فرستاد که قبور مشرفہ را برابر کن و ہر جا که تصویر بیند آنرا محو کند
انتہی اور قاضی ثناء الله صاحب نے تفسیر مظہری مین لکھا کہ نہین جایز ہے یہہ جو جہال کیا کرتے ہین
قبرون پر اولیا کے طواف اور سجدہ اور چراغ جلاتے ہین اور اوسکا نام عرس کہتے ہین اور اوسکو
ہر سال کرتے ہین انتہی یہہ اوس صورت مین ہے کہ اوسمین چراغ قبرون پر جلائے جاوین اور اگر
بغیر چراغ جلائے ہوئے کوئی شخص عرس کرے اور فقط اجتماع پر قناعت کرے جیسا کہ بعض

آدمی کیا کرتے ہین تو اوسکی ممانعت کے لئے یہہ حدیث موجود ہے (عن ابی ہریرۃ قال سمعت رسول اللہ

صلعم لا تجعلوا بیوتکم قبورا ولا تجعلوا قبری عیدا وصلوا علی فان صلوتکم تبلغنی حیث کنتم (رواہ النسائی)

سفر السعادۃ میں ہے و معنی لا تجعلوا قبری عیدا امام سبکی چنین گفتہ کہ مراد آن تخصیص و تعیین وقت

برائے زیارت چنانکہ مر عید را بود بلکہ تمام سال و مدت عمر وقت زیارت است و یا مراد تشبیہ باعیاد است

در اظہار زینت و تجمل و اجتماع چنانکہ در عید امر مرسوم است بلکہ باید کہ بزیارت و دعا و سلام اقتصار کند

انتہی قال الامام الخطیب الحافظ ابوبکر البغدادی انما کان یوم الفطر والنحر لعود کل سنۃ والناس

یعودون الیہ افواجا واجتماعا من الآفاق لیسمی عید العودہ مرۃ بعد اخری فنہی النبی صلعم امتہ

عن الاجتماع علی قبرہ الکریم کاجتماعہم لاقامۃ مراسم العید کفعل اہل الکتاب ویدیہم تشبیہ انبیاءہم

والمعنی لا تجعلوا قبری کالعید ترتیبا وتشمعا واجتماعا انتہی اور بعض لوگ جو حدیث کان النبی صلعم

یاتی قبور الشہداء علی راس کل حول فیقول سلام علیکم بما صبرتم فنعم عقبی الدار وابوبکر وعمر

کذلک یفعلون سند لاتے ہین سو اوسمین دو طرح سے کلام ہے اول یہہ کہ اس حدیث

کی اسناد نہین معلوم دوسرے یہہ کہ محتمل ہے راس کل حول سے مراد اول السنۃ ہو نہ راس حول سال

میت او محمد بن ابراہیم کے وقت مین تاریخ مقرر ہو چکی تہی علاوہ برین اس حدیث سے اجتماع بعد

ہر سال کے ہرگز مفہوم نہین ہوتا اور بہی یہہ حدیث لا تجعلوا قبری عیدا کی اس تقدیر پر معارض

ہے اور قابل اعتبار نہین لترجیحہ علی ہذا کما لا یخفی اور قوالون کا راگ بامزامیر حرام ہے

اسمین جو اکابر اہل بدعت ہین وہ بہی کلام نہین کرتے جس عرس مین چراغ بکثرت اور

راگ بامزامیر ہو وہ بالاتفاق منع و حرام ہے اور قبر پر غلاف ڈالنا ممنوع ہے اور زینت تقریبا

+ [illegible] صفحہ ۱۹۰ [illegible]

کے چھپا کہ عوام کرتے ہیں شرک ہے نصاب الاحتساب میں اسکو غیر مشروع لکھا ہے اور حضرت مرتضی
علی رضی اللہ سے روایت ہے کہ انہوں نے ایک قبر پر غلاف دیکھا اور اسے منع فرمایا اور مجموعہ خانی میں
ہے کہ قبر کو چھپانا نہ چاہیے کہ علماء مکہ نے اس سے منع کیا ہے ہذا عبارتہ در مضمرات می گوید گور را
نباید پوشانید زیرا کہ عادت انصاری است و جامہ برگور نہادن نباید و زیرا کہ علمای مکہ مکروہ داشتہ اند
انتہی اور بہشت کی چادر چڑہانا شرک ہے
اور طواف کرنیکا یہہ حال ہے نہر الفائق میں معراج الدرایہ سے نقل کیا وصرح فی المعراج
بانہ لو طاف حول المسجد سوی الکعبۃ یخشی علیہ الکفر اور نہایہ حاشیہ ہدایہ میں بہی کہ بڑی معتبر
اگر مسجد کا کوئی شخص طواف کرے سوا کعبہ کے اوسپر خوف کفر کا ہے ۱۲
کتاب ہے اسیطرح ہے مولوی شاہ عبد العزیز صاحب نے اپنے فتوی میں لکھا کہ پرستش آنستکہ
سجدہ بکند یا طواف نماید یا نام او را بطریق تقرب ورد سازد یا ذبح جانور بنام او بکند یا
خود را بندہ فلانی بگوید و ہر کہ از مسلمانان جاہل باہل قبور این چیز با بعمل آرد فی الفور کافر گردد
و از مسلمانی بر آید تصحیح المسائل میں بہی یہہ فتوی منقول ہے ملا علی قاری نے شرح مناسک
میں لکھا (ولا یطوف ای لا یدور حول البقعۃ الشریفۃ لان الطواف من مختصات الکعبۃ المنیفۃ
اور کسی جگہ متبرک کا طواف نکرے کیونکہ طواف خصوصیات کعبہ شریف سے ہے پس حرام ہے انبیا اور اولیا کے
فیحرم حول قبور الانبیاء والاولیاء ولا عبرۃ بما یفعلہ العامۃ والجہلۃ ولو کانوا فی صورۃ المشایخ
قبور کا طواف کرنا اور فعل جہلا و عوام قابل اعتبار نہیں اگرچہ وہ مشایخ یا علما کی صورت میں ہوں ۱۲
والعلماء) قاضی ثناء اللہ پانی پتی نے مالا بد منہ میں لکہا سجدہ کردن برائے قبور انبیا و اولیا
و طواف نمودن و دعا از انہا خواستن و نذر برای ایشان قبول کردن حرام است بلکہ چیزے
ازان بکفر می رساند انتہی اور جو بعض علما نے غیر معتبر کتابوں میں طواف کو درست لکھدیا ہے سو
محض غلط ہے اور ہرگز قابل اعتبار نہیں اور سجدہ کرنا غیر اللہ کو کفر اور شرک ہے اور

بعض لوگون نے تقسیم کی ہے کہ سجدہ عبادت شرک اور کفر ہی اور سجدہ تحیت حرام لیکن یہہ
بات خلاف تحقیق ہے ملا علی قاری نے شرح مشکواۃ مین لکھا (سبب لعنتهم اما لانهم کانوا
لعنت اہل کتاب کا سبب یہ
یسجدون لقبور الانبیاء تعظیما لهم وذلک هو الشرک الجلی) شرح فقہ اکبر ملا علی قاری نے
کہ وہ نبیوں کی قبروں کو تعظیم کے واسطے سجدہ کرتے تھے یا وہ یہ جانتے شرک ہے
سے خوب تحقیق یہ بات کی ہو جاتی ہے اور جو لوگ سجدہ کی تقسیم کرتے ہین سو وہ یہہ وجہ
بیان کرتے ہین کہ اگلی شریعتون مین سجدہ تعظیمی درست تہا اور اس شریعت مین ممنوع ہوا
جیسا سجدہ فرشتون کا حضرت آدم کو اور سجدہ بہائیون حضرت یوسف کا اونکے لئے پس
کفر کیونکر ہوگا اوسکا جواب یہہ ہے کہ سجدہ فرشتون کا اور حضرت یوسف کے بہائیون کا
بطریق انحنا اور جہکنے کے تہا نہ بطریق پیشانی رکہنے کے تفسیر جلالین اور تفسیر معالم التنزیل
کو دیکہو علاوہ برین زندہ کے حق مین تمہارے گمان کی موافق جائز تہا نہ مردون کے واسطے
اور یہہ جو براق مین لکہا ہے کہ بعض فقہانے سجدہ کو درست لکہا ہے سو یہہ بات غلط ہے .
مولوی شاہ عبد العزیز صاحب نے رجوم الشیاطین مین لکہا ہے کہ کسی فقیہ نے اسکو تجویز نہین
کیا اور بوسہ دینا بہی قبر کو درست نہین اور نصاری کی عادات مین سے ہے احیاء العلوم مین
لکہا ہے (ولا یمسح القبر ولا یمسه ولا یقبله فان ذلک من عادة النصاری) اور شیخ عبد الحق
نے مدارج النبوۃ مین کہا و بوسہ دادن قبر را و سجدہ کردن آنرا و کلہ نہادن حرام و ممنوع است
و در بوسہ دادن قبر والدین روایت فقہی نقل می کنند و صحیح آنست کہ لا یجوز است اور ترجمہ
مشکوۃ مین لکہا و مسح نکند قبر را بدست و بوسہ نہد آنرا و منحنی نشود و رو بخاک نمالد و این عادت
نصاری است اور ملا علی قاری نے معین العلم کی شرح مین لکہا (ولا یقبل فانه زیادة

علی الحسن فہو اولی بالنہی) آور بعض لوگ یہہ کہتے ہین کہ شاہ عبد العزیز صاحب بوسہ قبر کے مجوز
تھے سو یہہ بات محض غلط ہے شاہ عبد العزیز صاحب بوسہ کو منع فرماتے تھے البتہ شاہ ولی اللہ
صاحب کی قبر کا بوسہ لیتے تھے تمام شاہ جہان آباد مین یہہ بات مشہور ہے اور بوسہ جہال
کو نافع اور ضار سمجھکر لیتے ہین شرک ہی اور حضرت پیران پیر نے غنیۃ الطالبین مین بوسہ
کو منع لکھا ہے (واذا زار قبرا لم یضع یدہ علیہ ولا یقبلہ فانہ عادۃ الیہود) یعنی جب تو قصد کرے
زیارت کرنی قبر کی نہ رکھے ہاتھہ اپنا اوسپر اور نہ بوسہ لیوے کیونکہ وہ عادت یہود کی ہے

سوال چہارم - کہانا سامنے رکہکر ہاتہہ اوٹھاکر فاتحہ پڑہنا کیسا ہی آور تعین سوم و
دہم و چہلم وغیرہ کی جو واسطے ایصال ثواب کے کرتے ہین درست ہے یا نہین **الجواب** کہانا
سامنے رکہکر ہاتہہ اوٹھاکر فاتحہ پڑہنا بدعت ہے اور رسوم ہنود سے ہے عربستان مین بہت
سی بدعتین ہر چند کہ مروج ہوگئین لیکن یہہ بدعت وہان مروج نہین رسالہ شوارق کلکتہ مین
مطبوع ہوا ہے علماے مکہ کی مہرین اوسمین موجود ہین کہ منجملہ اونکی شیخ جمال شیخ الکمتہ مفتے اور
شیخ محمد ابن حسین کتبی حنفی اور شیخ صدیق بن عبد الرحمن کمال مدرس مکہ اور سید حسین مکی محدث
مالکی مصلی کے امام اور مفتی محمد وجیہہ صاحب فقیہ مدرس کلکتہ اور قاضی عبد الباری قاضی کلکتہ
ہین البتہ ثواب پہنچانا مردے کو بلا تعین اور بغیر سامنے کہانا رکہنے کے امام اعظم صاحب کے مذہب
کے موافق جائز ہے اور تفصیل اس مسئلہ کی اسطرح پر ہی کہ عبادت تین قسم پر ہی مالی اور بدنی
اور مرکب مالی کا ثواب اہل سنت کے نزدیک بالاتفاق پہنچتا ہے معتزلہ البتہ اسکے منکر ہین اور بدنی
مثل تلاوت قرآن مختلف فیہ ہے امام شافعی کے نزدیک اوسکا ثواب نہین پہنچتا اور

حنفیوں میں اختلاف ہی لیکن زیادہ حنفیوں کے نزدیک یہ ہے کہ بدنی کا بھی ثواب پہونچتا ہے
اور ان میوہ اور تخصیصات جیسا کہ مروج ہے کسی عالم کے نزدیک جو قابل اعتبار ہو ایصال ثواب
درست نہیں اگر کھانا محتاجوں کو دیکر کچھ قرآن شریف پڑھ دیا کریں تو فقہا کے نزدیک جائز ہے
اور رسمیں سوم و دہم و چہلم کی جو واسطے ایصال ثواب کے کرتے ہیں وہ بدعت ہیں شیخ عبد الحق محدث
دہلوی نے شرح سفر السعادت میں لکھا و عادت نبود کہ برائے میت جمع غیر وقت نماز جمع شوند
و قرآن خوانند و ختمات خوانند بر سر گور و نہ غیر آن و این مجموع بدعت است و مکروہ نعم تعزیت
اہل میت و تسلیہ و صبر فرمودن سنت و مستحب است اما این اجتماع مخصوص روز سوم و ارتکاب
تکلفات دیگر و صرف اموال بے وصیت از حق یتامی بدعت است و حرام اور شیخ نے مدارج النبوہ
میں بھی اسی طرح لکھا ہے شاہ ولی اللہ صاحب نے مقالۃ الوصیۃ میں لکھا دیگر از عادات
شنیعہ ما مردم اسراف است در ماتم ہا و چہلم و ششماہی و فاتحہ سالینہ و این ہمہ را در عرب اول
وجود نبود مصلحت آنست کہ غیر تعزیت وارثان میت تا سہ روز و طعام ایشان یک شبانہ روز
رسمی نباشد فتاوی بزازیہ میں لکھا ہے یکرہ اتخاذ الطعام فی الیوم الاول والثالث وبعد الاسبوع
مکروہ ہے مقرر کر لینا کھانا کا پہلے روز اور تیسرے روز اور بعد ہفتہ کے اور قبر پر لیجانا
ونقل الطعام الی القبر فی المواسم واتخاذ الدعوۃ لقراءۃ القرآن وجمع الصلحاء والفقراء للختم
اوسکا اوقات معینہ میں اور تعین دعوت کے واسطے تلاوت قرآن کی اور جمع کرنا صلحا و فقرا کا واسطے ختم کے یا واسطے پڑھنے سورۂ انعام و
او لقراءۃ سورۃ الانعام او الاخلاص انتہی اور شرح منہاج نووی میں ہے الاجتماع علی المقبرۃ
اخلاص کے
مقبرہ پر تیسرے روز جمع ہونا
فی الیوم الثالث وتقسیم الورد والعود واطعام الطعام فی الایام المخصوصۃ کالثالث و
اور پہول اور خوشبو کا تقسیم کرنا اور واسطے کہانے ایام کے معین کرنے جیسے تیسرا یا پانچواں یا نواں دسواں بیسواں چالیسواں
والتاسع والعاشر والعشرین والاربعین والشہر السادس والسنۃ بدعۃ ممنوعۃ انتہی
ششماہی اور برسی بدعت ہے اور ممنوع ہے
اور مخالفین کی عبارت جو بعض لوگ سند میں جواز کے لاتے ہیں مردود ہے ہرگز اون کے مقید مدعا نہیں

اسواسطے کہ اوسمین اجتماع یوم ثالث کا ہرگز ذکر نہین بلکہ مراد اوس سے یہہ ہے کہ جو لوگ ایصال
ثواب کے واسطے اکثر مجتمع ہوکر قرآن شریف پڑہا کرتے ہین اور دلیل تعین اس مراد کی یہہ ہے کہ وہ
اس مسئلہ کو اجماعی بتلاتا ہے اور یہہ مسئلہ فی نفسہ حالانکہ صحیح بہی نہین چہ جائیکہ اجماعی ہو اور
نہ ہر عصر اور زمانہ مین اوسکا رواج تہا جیسا کہ عینی نے کہا اور علامہ قرطبی نے اس مسئلہ کو تذکرہ مین
بیاسبا لکہا ہے اور یہہ قول عینی کا کہ مالکیہ اور شافعیہ سے کسی نے انکار نہین کیا محض غلط ہے

سوال پنجم - گچہہ کرنا قبر پر اور مقبرہ بنانا درست ہے یا نہین **الجواب** گچہہ کرنا قبر پر اور مقبرہ بنانا
درست نہین چنانچہ احادیث صحیحہ اور کتب فقہ معتبرہ سے یہہ امر ثابت ہے عن جابر رض قال نہی
حضرت جابر سے روایت ہے
رسول اللہ صلعم ان یجصص القبر وان یبنی علیہ وان یقعد رواہ مسلم وعن ابی الہیاج الا
کہ منع فرمایا رسول خدا صلعم نے قبر پر گچ کرنے اور عمارت بنانے اور بیٹہنے سے ۱۲
قال قال لی علی رض الا ابعثک علی ما بعثنی علیہ رسول اللہ صلعم الا تدع تمثالا الا طمستہ و
لا قبرا مشرفا الا سویتہ رواہ مسلم یعنی ابو الہیاج اسدی نے کہا کہ جناب مرتضی علی نے
مجہسے کہا کہ آگاہ ہو جا کہ بہیجتا ہون مین تجہکو اوس کام پر کہ جسپر بہیجا تہا مجہکو رسول خدا
صلعم نے نہ چہوڑنا کوئی تصویر مگر یہہ کہ نابدید کر دے تو اوسکو اور نہ چہوڑنا کوئی قبر بلند مگر یہہ کہ
برابر کرے تو اوسکو روایت کیا مسلم نے اور شرح نسائی مین ہے اختلفوا فی البناء فذہب الامام
اختلاف کیا علما نے بنا کرنے مین علی القبر
احمد وابو حنیفۃ فی روایۃ والرافعی والبداود والظاہری انہ حرام مطلقا سواء کان فی مقبرۃ
امام احمد اور امام ابو حنیفہ کا ایک روایت مین اور رافعی اور داؤد ظاہری کا یہہ ہے کہ وہ مطلق حرام ہے خواہ مقبرہ ملک بانی مین ہو یا نہو اور
او فی ملک البانی وقال مالک والشافعی والثوری والاوزاعی وابو حنیفۃ فی روایۃ اخری انہ
امام مالک اور شافعی اور سفیان ثوری اور اوزاعی اور ابو حنیفہ ایک روایت مین اسطرف گئے ہین کہ بنا اوس مقبرہ پر کہ ملک بانی ہو حرام ہو
حرام ان کان فی مقبرۃ مسبلۃ ومکروہ ان کان فی ملک البانی انتہی امام نووی نے شرح صحیح
ہے ورنہ حرام ۱۲
مسلم مین حدیث جابر کے متعلق لکہا ہے اما البناء علیہ فان کان فی ملک البانی فمکروہ وان کان
اور قبر پر بنا کرنا مکروہ ہے اگر جگہ بنا کی مالک کی ہو ورنہ حرام سے

فی مقبرة مسبلة فرام نص علیه الشافعی والاصحاب قال الشافعی فی الام ورأیت الائمة بمکة یامرون
بهدم ما یبنی ویؤید الهدم قوله صلعم ولا قبرا مشرفا الا سویته انتهی ابن حجر مکی نے تحفہ میں لکھا
ولو بنی فی مقبرة مسبلة هدم وجوبا لحرمته کما فی المجموع لما فیه من التضییق مع ان البناء یتأبد بعد
انمحاق المیت فیحرم الناس تلک البقعة وقد افتی جمع بهدم کل ما بقرافة مصر من الابنیة حتی قبة امامنا
الشافعی التی بناها بعض الملوک وینبغی لکل احد هدم ذلک ما لم یخش منه مفسدة فیتعین الرفع
الی الامام اخذا من کلام ابن مرفعة فی الصلح انتهی اور منح الغفار میں لکھا ہے ولا یجصص القبر و
لا یطین ولا یرفع علیه بناء لحدیث جابر نهی رسول الله صلعم ان یجصص وان یقعد و
ان یبنی علیه وان یکتب علیه وان یوطأ والتجصیص طلاء البناء بالجص بالکسر والفتح کذا فی المغرب
وفی الخلاصة ولا یجصص القبر ولا یطین ولا یرفع علیه بناء انتهی اور مستملی شرح منیة المصلی
میں ہے وعن ابی حنیفة یکره ان یبنی علیه بناء من بیت او قبة او نحو ذلک انتهی اور
مجالس الابرار میں لکھا ہے وکذا القباب التی بنیت علی القبور یجب هدمها لانها اسست علی
معصیة الرسول ومخالفته وکل بناء اسس علی معصیة الرسول ومخالفته فهو بالهدم اولی من
مسجد الضرار ولانه علیه السلام نهی من البناء علی القبور ولعن المتخذین علیها مساجد فیجب
المبادرة الی هدم ما نهی عنه رسول الله صلعم ولعن فاعله انتهی قاضی ثناء الله پانی پتی نے
ما لا بد منه میں لکھا آنچه بر قبور اولیاء عمارتهای رفیع بنا می کنند و چراغان روشن می کنند
و از این قبیل هر چه می کنند حرام است یا مکروه انتهی اور فتاوی عالمگیری میں لکھا ویکره
البناء علی القبور انتهی ملخصا صاحب تصحیح المسائل نے جو درمختار سے نقل کیا کہ اور دین

بنا علی القبور کو جایز لکھا ہے غلط ہے عبارت درمختار کی یہہ ہے (لا یطین ولا یرفع علیہ
نہ لیپی جاوے نہ بلند کیجاوے اوسپر بنا
بناء وقیل لا باس بہ وہو المختار کذا فی کراہیۃ السراجیۃ) اب یہان پر دو وجہ بیان کرتے ہین
اور کہا گیا ہے کہ اوسکا کچھ مضایقہ نہین اور وہی مختار ہے ایسا ہی ہے کتاب الکراہیۃ سراجیہ مین ۱۲
کہ جس سے عدم فہم مطلب صاحب تصحیح کا ظاہر ہو جاوے صاحب درمختار نے حوالہ
سراجیہ کا کیا اور سراجیہ مین یون ہے (وذکر فی تجرید ابی الفضل ان تطیین
اور ذکر کیا تجرید ابو الفضل مین یہ کہ لیسنا قبرون کا مکروہ ہے
القبور مکروہ والمختار انہ لا یکرہ) ضمیر لا باس بہ کی تطیین کی طرف کہ جو مفہوم
اور مختار یہہ کہ مکروہ نہین ہے ۱۲
لا یطین سے ہے راجع ہے اور خود سراجیہ مین بنا کو مکروہ لکھا ہے دوسرے یہہ
خود صاحب درمختار نے آگے بڑھ کر آخر باب الوصیۃ للاقارب وغیرہم مین اس
امر کو بذیل قول مات اوصی بان یطین قبرہ او یضرب علیہ قبۃ فہی باطلۃ کہولدیا
وصیت اس امر کی کہ اوسکی قبر لیپی جاوے یا اوسپر قبہ لگایا جاوے باطل ہے ایسا ہی ہے خانیہ وغیرہا
حیث قال کما فی الخانیۃ وغیرہا وقدمناہ عن السراجیۃ وغیرہا لکن قدمنا منہا فی الکراہیۃ
مین اور فتاوی سراجیہ وغیرہا سے ہم پہلے نقل کر چکے لیکن کتاب الکراہیۃ مین سراجیۃ سے ہم ذکر کر چکے کہ قبرون کا لیپنا علی القول
انہ لا یکرہ تطیین القبور فی المختار فینبغی ان یکون القول ببطلان الوصیۃ بالتطیین بنیا
المختار مکروہ نہین پس بطلان وصیت کو لیپنے کی کراہت پر مبنی سمجہنا چاہیے اسواسطے کہ وہ اس تقدیر پر وصیت
علی القول بالکراہیۃ لانہا حینئذ وصیۃ بالمکروہ اور بعض علما نے ایک وجہ اور بہی لکہی
بالمکروہ ہوگی ۱۲
ہے کہ خود صاحب درمختار لکہتا ہے یکرہ الزیادۃ علی ما خرج منہ لانہ بمنزلۃ البناء طوالع
مکروہ ہے زیادتی اوسپر جو قبر سے خارج ہو اسلیے کہ وہ بمنزلہ بنا کے ہے القبور کے
حاشیہ درمختار مین ہے قولہ بمنزلۃ البناء طوالع حاشیہ درمختار مین ہے قولہ بمنزلۃ البناء
والبناء مکروہ فکذلک ہذا انتہی اور بعض محشین نے جو مرجع لا باس بہ کا تطیین اور
اور بنا مکروہ ہے پس ایسی ہی یہہ ۱۲
بنا کو قرار دیا وہ مبنی غفلت پر ہے شامی نے ردمحتار مین اسکی شرح بخوبی کی ہے
اور بہی صاحب تصحیح نے میزان شعرانی سے نقل کیا قول الائمۃ الثلثۃ ان القبر لا یبنی علیہ
قول تین امامون کا یہہ ہے کہ قبر پر بنا اور گچ نہ کیا جاوے
ولا یجصص مع قول ابی حنیفۃ بجواز ذلک فالاول مشدد والثانی مخفف انتہی
مع قول ابو حنیفہ کے اسکے جواز کے ساتھ پس اول مشدد ہے اور دوسرا مخفف ۱۲

سواسمین بھی دو وجہ سے کلام ہے اول یہ کہ نقل مخالف کتب معتبرہ حنفیہ ہے مثل عینی
شرح کنز اور فتاوی عالمگیری اور بحر الرائق اور در مختار اور مواہب الرحمان
کے بلکہ بعض کتب معتبرہ مین بالتصریح لکھا ہے کہ امام ابوحنیفہ کے نزدیک بنا علی القبور مکروہ
وممنوع ہے چنانچہ برہان شرح مواہب الرحمان اور محیط اور قاضی خان اور مستملی
شرح منیۃ المصلی مین مذکور ہے اور دوسری یہ کہ میزان مین ہے قول الائمۃ الثلثۃ
قول تینوں اماموں کا استحباب
باستحباب القراۃ للقرآن عند القبر مع قول ابی حنیفۃ بکراہتہا حالانکہ خود صاحب تصحیح
قرأت قرآن کا ہے نزدیک قبر کے ساتھ قول ابوحنیفہ کے اوسکے کراہت کے ساتھ ۱۲
نے نقل کیا واختلف فی اجلاس القارئین للقراۃ عند القبر والمختار عدم الکراہۃ پس اگر
اور اختلاف کیا گیا قاریوں کے بٹھلانے میں نزدیک قبر کے واسطے قرأت کے اور مختار عدم کراہت ہے ۱۲
قول امام ابوحنیفہ کا بھی ہووے تو غیر مختار ہے اور مخالف احادیث صحیحہ کے اور مرقات سے
جو بعض اشخاص نقل کرتے ہین وقد اباح السلف البناء علی قبر المشائخ والعلماء المشہورین
اور مباح رکھا ہے سلف نے بنا کو قبر مشائخ اور علماء مشہورین پر تاکہ لوگ اونکی زیارت
لیزورہم الناس ویستریحوا بالجلوس فیہ سو یہ قول ملا علی قاری کا نہین ملا علی قاری نے
کرین اور راحت پاویں بیٹھکر اوس میں ۱۲
شرح کل بدعۃ ضلالۃ مین لکھا ہے ما انکرہ ائمۃ المسلمین کالبناء علی القبور وتجصیصہا
بدعت ضلالت وہ ہے جسکو ائمہ مسلمین نے منکر جانا ہو جیسے قبر پر بنا کرنا اور گچ کرنا
اور پھر مفاتیح سے نقل کرتے ہین کہ اوسکے مصنف نے ایسا کہا حالانکہ خود مفاتیح میں اگر
بدعت ضلالہ کے بیان مین مرقوم ہے وبدعۃ السیئۃ ما انکرہ ائمۃ المسلمین کالبناء
اور بدعت سیئہ وہ ہے جسکو ائمہ اسلام نے برا کہا ہو جیسے قبر پر
علی القبور وتجصیصہا قال النبی صلعم نہی عن ذلک معلوم نہین کہ وہ سلف کون ہین کہ جنہون
اور بنا کرنا سیلے کا آنحضرت صلعم نے اسے منع فرمایا ہے ۱۲
نے مخالف احادیث صحیحہ اور ائمہ عظام وفقہای کرام کے بنا کو مباح جانا بعض اشخاص مخالفین سے
سنا کہ شامی نے رد المحتار مین بنا کو جائز رکھا ہے اسواسطے عبارت شامی کی یہان لکھی جاتی
ہے قولہ وقیل لا باس بہ الخ المناسب ذکرہ عقب قولہ ولا یطین لان عبارۃ السراجیۃ

کما نقلہ الرحمتی وکرہ فی تجرید الفضل ان تطیین القبور مکروہ والمختار انہ لا یکرہ آلخ
جیسا کہ نقل کیا ہے رحمتی نے تجرید الفضل میں مذکور ہے کہ لیسنا قبروں کا مکروہ ہے اور مختار یہ ہے کہ وہ مکروہ نہیں
واضاف الیہ المصنف فی المنح ایضاً و اما البناء علیہ فلم ار من اختار جوازہ وفی شرح المنیۃ
اور زیادہ کیا اسپر مصنف نے منح میں بھی اور بنا قبر پر پس نہیں دیکھا میں نے کسکو اختیار کیا ہو جواز اسکا اور شرح منیہ میں
المختار انہ لا یکرہ التطیین وعن ابی حنیفۃ یکرہ ان یبنی علیہ بناء من بیت او قبۃ او نحو ذلک
منیۃ المستملی میں ہے مختار یہ ہے کہ لیسنا قبر کا مکروہ نہیں اور ابو حنیفہ سے منقول ہے یہ کہ مکروہ ہے بنا کرنا قبر پر ہر قسم کی عمارت کا
لما روی جابر نہی رسول اللہ صلعم ان یجصص القبور وان یکتب علیہا وان یبنی علیہا رواہ
گنبد ہو یا قبہ یا اور مثل اسکے واسطے روایت جابر کے کہ منع فرمایا رسول خدا صلعم نے اس کو کہ گچ کیا جاوے قبر یا لکھا جاوے یا بنا کیجاوے اوسپر روایت کیا اسکو مسلم نے
مسلم وغیرہ الخ **سوال ششم** بتخصیص ربیع الاول مولد شریف کا پڑھنا اور اوسوقت لوبان
کا جلانا اور تعظیماً وقت ذکر ولادت قیام کرنا اور آدمیوں کا مجمع کرنا اور شیرینی کا تقسیم کرنا اس
ہیئت مجموعی کے ساتھ منعقد کرنا مجلس کا درست ہے یا نہیں **الجواب** اگرچہ باتیں مذکورہ سوال بے اصل
ہیں لیکن دو باتوں کی تنقیح ضرور ہے کہ آیا منعقد کرنا مجلس مولد کا بتخصیص ماہ بتخصیص ہیئت اجتماعیہ اور دوسرے
قیام وقت ذکر ولادت تعظیم کے واسطے کرنا ثواب ہے ہم دونوں باتوں کی تنقیح کرتے ہیں اولا
سننا چاہیے کہ اسباب میں ہمارے زمانہ میں نہایت درجہ کا اختلاف اور شور ہے اور بہت اہل بدعت
ان باتوں کو مدار ایمان اور کفر کا سمجھتے ہیں اور یہی بات مابہ الامتیاز اہل سنت اور اہل بدعت
کی عوام کے نزدیک ہو رہی ہے تو اب سبکو پہلے یہ بات دیکھنی چاہیے کہ آیا یہ امر سنت اور
مستحب ہی یا نہیں کتابوں کے دیکھنے سی معلوم ہوتا ہے کہ یہ امر مسنون نہیں اور زمانہ صحابہ اور تابعین
میں اسکا وجود نہیں تہا اور مائۃ سادسہ میں اس امر کا احداث ہوا ہے ایک شخص اربل کا
بادشاہ کہ نام اوسکا مظفر الدین تہا اوسنے اسکی ترویج کی اور شیخ عمر بن محمد نے اسکو ایجاد کیا حافظ
ابن حجر عسقلانی نے کہا اصل عمل المولد بدعۃ لم ینقل عن احد من السلف الصالح من القرون الثلثۃ
یعنی عمل مولد کا بدعت ہے نہیں نقل کیا گیا ہے سلف صالح سے قرون ثلثہ میں اور حافظ

سخاوی نے بھی لکھا عمل المولد الشریف لم ینقل من احد من السلف الصالح من القرون الثلثة وانما حدث بعد وبہہ بات رسائل مخالفین مین مذکور ہے توجب سنت اور مستحب شرعی ہونا اسکا مفقود ہوا اب اختلاف ہے اسباب مین کہ آیا یہہ بدعت حسنہ ہے یا سیئہ تو بغیر تدقیق نظر کے معلوم نہین ہوسکتا اسواسطے ہمنے یہہ التزام کیا کہ مخالفین وموافقین کے رسائل اور دلائل اس باب مین دیکہین پہر جو کچہ حق معلوم ہوا اسکو لکہین لیکن قبل اسکے اثبات کا جاننا بہی ضرور ہے کہ جو مولد عوام مین اکثر شہرون ہندوستان مین ہوتا ہے وہ بالاتفاق ممنوع ہے اور اگلے علماء مجوزین نے اوسکو جایز نہین لکہا جلال الدین سیوطی نے جو بڑے مجوز مولد کے ہین اپنے رسالہ مین لکہا ہے نزدیک اصل مولد کی یہہ ہے کہ لوگ جمع ہون اور کچہ قرآن شریف پڑہین اور کچہ حدیثین جو ابتداے پیدایش آنحضرت صلعم مین وارد ہوئی ہین اور جو کچہ عجائب حضرت کی پیدایش کے وقت واقع ہوئے ہین اور پہر دسترخوان بچہایا جاوے اور لوگ کہانا کہا کر چلے جاوین اس سے زیادہ کوئی اور چیز نہووے چنانچہ لکہتے ہین عندی ان اصل المولد الذی ہو

ترجمہ اس عبارت کا قبل مین ہے مذکور ہوچکا ہے

اجتماع الناس وقرأۃ ماتیسر من القرآن وروایۃ الاخبار الوارۃ فی مبدا النبی صلعم وما وقع فی مولدہ من الآیات ثم تمد لہم سماط یاکلونہ وینصرفون عن غیر زیادۃ علی ذلک من البدع الحسنۃ التی یثاب علیہا صاحبہا لما فیہ من تعظیم قدر النبی صلعم واظہار الفرح والاستبشار بمولد الشریف انتہی اور جس مولد مین روایتین بے اصل اور جہوٹی پڑہی جاوین اوسکے منع ہونے مین کسیکو کلام نہین جیسا کہ تمام دیار ہندوستان مین جاری ہے الا ماندر لیکن معلوم ہو جو مولد ہندوستان مین رایج ہے اسمین شریک ہونا جایز نہین ہے اور علماء مجوزین نے

جس طرح لکہا ہے اوسطرح ہر ہرگز کہین نہین ہوتا مگر شاید کہ شاذ و نادر ایسا ہوتا ہو سیوطی کا
قول گذر چکا صاحب سیرت شامی نے بہی ایسا ہی لکہا ہے اب وہ دلائل اور براہین
لکہتے ہین کہ جنسے مولد کا جایز ہونا مخالفین ثابت کرتے ہین اور اسمین تفصیل بہت سی کرینگے
تو منصف عاقل کو انصاف کرنا ضرور ہے اور پہر اپنی دلائل ممانعت کی پیش کرینگے اول
دلیل جو نہایت قوی ہے وہ یہہ ہے کہ ابن حجر عسقلانی نے کہا (قد ظہر لی تخریجہا علی اصل ثابت
بیشک ظاہر ہوئی واسطے میرے تخریج اوسکی اوپر
وہو ما ثبت فی الصحیحین ان رسول اللہ صلعم قدم المدینۃ فوجد الیہود یصومون عاشوراء فسألہم
اصل ثابت کے وہ یہہ کہ مروی ہے صحیحین مین کہ جب رسول خدا صلعم تشریف لائے مدینہ مین پایا یہود کو روزہ رکہتے عاشورہ کا استفسار کیا
فقالوا ہذا الیوم اغرق اللہ الفرعون فیہ ونجا موسی فنحن نصوم شکرا للہ تعالی فقال انا احق
وسے کیفیت اس روزہ کی کہا انہون نے کہ یہہ وہ روزہ ہے جسمین غرق کیا تہا اللہ نے فرعون کو اور نجات پائی حضرت موسی نے
بموسی فصامہ وامر بصیامہ انتہی مخالفین کہتے ہین کہ اس حدیث سے جواز تعین سرور اور اظہار
روزہ رکہتے ہین ہم شکر کا واسطے اللہ تعالی کے فرمایا حضرت نے کہ مین لایق ہون ساتہہ موسی کے پس روزہ عاشورہ کا بذات خود بہی رکہا اور لوگون کو
خوشی ہر سال مین ظاہر ہے اسواسطے کہ حضرت موسی علیہ السلام کو نجات پائی ہوئی بہت عرصہ گذرا
بہی حکم دیا ۱۲
تہا باوجود اوسکے رسول اللہ صلعم نے روزہ خوشی کیواسطے رکہا پس خوشی کرنا بدون تجدد نعمت
کا ثابت ہوا اور مانعین جو کہتے ہین کہ بدون تجدد نعمت کے خوشی کرنا خلاف عقل ہے باطل
ہوگیا اوسکا جواب یہہ ہے کہ صحیحین مین دوسری جگہہ موجود ہے فصامہ موسی شکرا للہ فنحن نصومہ
پس روزہ رکہا تہا عاشورہ کا موسی نے واسطے شکر اللہ کے پس ہم
فقال رسول اللہ صلعم نحن احق واولی بموسی منکم انتہی شیخ عبد الحق نے شرح مشکوۃ مین لکہا یعنی
بہی روزہ رکہتے ہین اوسکا فرمایا رسول خدا نے کہ ہم احق واولی ہین ساتہہ موسی کے بنسبت تمہارے ۱۲
نحن نصوم موافقۃ لموسی لا موافقۃ لکم انتہی پس معلوم ہوا کہ روزہ آنحضرت صلعم کا اظہار الفرح
ہم روزہ رکہتے ہین واسطے موافقت موسی کے نہ واسطے موافقت تمہارے کے ۱۲
بدون تجدد نعمت کے بعد امتداد زمانہ کے نہ تہا جیسا کہ اہل مولد گمان کرتے ہین بلکہ محض واسطے
موافقت حضرت موسی علیہ السلام کے تہا ابن حجر اور سیوطی سے نہایت تعجب معلوم ہوتا ہے کہ

اس حدیث سے انہوں نے استدلال کیا صاحب سیف الاسلام نے اس جواب کے رد میں لکھا حالانکہ تو
کہ ہرگاہ حضرت موسی علیہ السلام در یوم معین شکریہ نعمت و استبشار عبادت صوم برائے او تعالی
آوردند و آنحضرت صلعم در مثل آن روز کہ فاصلہ صدہا سال میداشت بے تجدد نعمت ادائے شکر این نعمت
سابقہ کہ در مثل آن روز شدہ بود بموافقت حضرت موسی علیہ السلام فرمودہ محل مقصود حافظ
ابن حجر وغیرہ بہ ثبوت رسید انتہی اور کہتے ہیں کہ حافظ ابو الفضل ابن حجر و امام سیوطی استدلال
خود را بجائے بودن صوم آنحضرت بمخالفت حضرت موسی مبنی نمودہ اند تا از بودن آن صوم بجہت
موافقت استدلال شان مخدوش گردید انتہی سو یہ بات نہایت پوچ ہے کہ اسقدر بھی نہ سمجھے کہ
کلام اسباب میں ہے کہ ایک خوشی کو صدہا برس ہو گئے ہوں اوسکے بعد خوشی کرنا اپنی طرف سے
نہایت بیہودہ بات ہے مثلاً آنحضرت صلعم پیدا ہوئے اور بعد اوسکے اس جہان سے رحلت فرما ہوئے
اور اس پیدائش کو صدہا برس گذرے اوسکے بعد اب خوشی کرنا محض نادانی ہے اور حضرت موسے
علیہ الصلوۃ کی نجات اور اغراق فرعون میں جو آپنے روزہ رکھا وہ صرف حضرت موسی کی موافقت کے
سبب سے تھا یعنی بطریق احیاء سنت اور مثبتین کو جب مفید ہوتا کہ ابتدا اس فعل آنحضرت صلعم
سے بعد مرور دہور کے واقع ہوتا پس محل مقصود حافظ ابن حجر کا ہرگز حاصل نہوا اور یہ کہنا
کہ ابن حجر نے اپنے استدلال کو کہاں پر اور پر جنہوں نے روزہ آنحضرت کے مخالفت موسی پر مبنی کیا ہے
مبنی بے فہمی پر ہے اسواسطے کہ ابن حجر نے اس فقرہ کا لحاظ نکیا فصامہ موسی شکرا للہ اور
جب اس فقرہ کا لحاظ کیا جاتا ہے تب یہ استدلال انکا محض بے اصل ٹھہرتا ہے اور
دوسری دلیل یہ ہے کہ سیوطی نے کہا کہ مجکو ایک دلیل اور معلوم ہوئی ہے اور وہ یہ ہے کہ

روایت کیا بیہقی نے انس سے ان النبی صلعم عق عن نفسہ بعد النبوۃ مع ان جدہ عبد المطلب عق
نبی صلعم نے عقیقہ کیا اپنا بعد نبوت کے حالانکہ حضرت کی دادی عبد المطلب نے عقیقہ حضرت کا کیا تھا
عنہ فی سابع ولادتہ والعقیقۃ لا تعاد مرۃ ثانیۃ الخ سو یہہ دلیل بھی مخدوش ہے چند وجہ سے عدہ
روز ولادت سے کیا تھا اور عقیقہ اعادہ نہیں کیا جاتا دوسری بار ۱۲
یہہ ہے کہ مواہب لدنیہ کی شرح میں بعد نقل اسکے سیوطی سے کہا ولتعقبہ النجم بانہ حدیث منکر کما قالہ
الحافظ بل قال فی شرح المہذب انہ حدیث باطل فالتخریج علیہ ساقط انتہی اور ابن حجر عسقلانی
فتح الباری شرح صحیح بخاری میں لکھتے ہیں (ونقل عن نص الشافعی فی البویطی انہ لا یعق عن کبیر ولیس
اور امام شافعی سے منقول ہے کہ کہا انہوں نے بویطی میں کہ نہ عقیقہ کیا جاوے بالغ
ہذا نصا فی منع ان یعق الشخص عن نفسہ بل یحتمل ان یرید ان لا یعق عن غیرہ اذا کبر وکانہ اشار
سے اور نہیں ہی یہہ نص اس باب میں کہ کوئی آدمی اپنا عقیقہ کرے بلکہ محتمل ہے اسکو کہ ارادہ کیا ہو انہوں نے اسکا کہ نہ عقیقہ کرے دوسرے
بذلک الی ان الحدیث الذی ورد ان النبی صلعم عق عن نفسہ بعد النبوۃ لا یثبت انتہی اور انسان
کا سبو قت کہ وہ خود بالغ ہو جاوے اور گویا کہ انہوں نے اشارہ کیا اس سے اس امر کی جانب کہ حدیث عقیقہ کرنے آنحضرت صلعم کا اپنے نفس کا
العیون یعنی سیرت حلبی میں اس حدیث کو منکر کہا ہے اور شہاب الدین احمد بن بدر الدین شافعی نے
بعد نبوت کے ثابت نہیں ہے ۱۲
منہج القویم میں اس حدیث کو باطل لکھا اور اور وجوہ بعض رسائل علماء اہل سنت میں مذکور ہے
ترک کیا ہا للاطناب اور ایک دلیل بحیلی مجوزین کے کلام میں دیکھی گئی وہ یہہ کہ قتادہ سے مروی ہے
سئل رسول اللہ صلعم عن صوم یوم الاثنین فقال فیہ ولدت وفیہ انزل علی الحدیث سے معلوم
دریافت کیے گئے رسول خدا صلعم روزہ دوشنبہ سے فرمایا کہ اس روز پیدا ہوا ہون میں اور اوسی روز نازل ہوا کلام الہی مجہپر ۱۲
ہوا کہ خوشی کرنا ساتھ عبادت کے مثل روزہ وغیرہ کے شرع میں درست ہے چنانچہ حضرت صلعم نے بھی
اپنی پیدایش کی خوشی کر کے روزہ رکھا تھا جواب اس استدلال کا کئی طرح پر ہے اول یہہ کہ اس حدیث
سے یہہ بات نہیں معلوم ہوتی کہ آنحضرت صلعم نے یہہ روزہ بسبب بات کے رکھا ہو کہ آپ اوسمین پیدا ہوئے
تھے جائز ہے کہ یہہ روزہ اور جہت سے رکھا ہو چنانچہ ہم آگے بڑھکر لکھینگے اور فیہ ولدت اور فیہ انزل علی
بطریق فضائل اور بیان فضل الاحری کے ہو کہا قاضی عیاض نے شرح صحیح مسلم میں تحت حدیث
خیر یوم طلعت علیہ الشمس یوم الجمعۃ فیہ خلق آدم وفیہ ادخل الجنۃ وفیہ اخرج منہا ولا تقوم الساعۃ
بہتر ایام کہ طلوع کیا اوسمین شمس نے روز جمعہ کا ہے اوسمین پیدا ہوئے حضرت آدم اور اوسی روز داخل جنت ہوئے اور اوسی روز نکالے گئے اس سے اور

الا فی یوم الجمعۃ (الظاہر ان ہذہ الفضائل المعدودۃ لیست لذکر فضیلتہ لان اخراج آدم و قیام
نہیں قائم ہوگی قیامت مگر روز جمعہ کے ظاہر یہہ ہے کہ یہہ فضائل معدودہ نہیں ہین واسطے ذکر فضیلت جمعہ کے اسواسطے کہ اخراج آدم کا اور
الساعۃ لا تعد فضیلۃ وانما ہو بیان لما وقع فیہ من الامور العظام و ما سیقع لیتاہب العبد فیہ بالاعمال
قیام ساعت کا نہیں ہے فضیلت بلکہ یہہ بیان قول ہے جو واقع ہوئے یا ہونگی اسمین امور عظام تاکہ مستعد ہو بندہ اوسمین واسطے
الصالحۃ لنیل رحمۃ اللہ و دفع نقمتہ انتہی صاحب سیف الاسلام نے یہان پر دو اعتراض کئے اول یہہ کہ اکثر
اعمال صالحہ کے واسطے پانے رحمت الٰہی اور دفع نقمت کے
علامہ قاضی عیاض بجہت اشتباہ سعد وہ بودن خروج حضرت آدم و قیام ساعت بجسب ظاہر در
فضائل جمعہ این احتمال بین دلیل و خصوص حدیث جمعہ ظاہر فرمودند اولاً کہ مستلزم آنست کہ ولادت
شریف آنحضرت صلعم ہم سبب فضیلت یوم مبارک اثنین نباشد و انکار شرف آن ہم بایں وجہ بنودہ آ
انتہی یہہ کلام دلالت کرتا ہے اس بات پر کہ صاحب رسالہ نے مقصد صاحب رسالہ غایۃ الکلام کا نہ سمجھا
مقصود صاحب غایۃ الکلام کا یہہ ہے کہ یہہ قول اعنی فیہ ولدت و فیہ انزل علی علامت صوم
اوس دن کی نہین ہے اور ذکر اسکا علی سبیل الاتفاق ہے جیسے کہ مسلم کی حدیث مین ذکر
خروج آدم عم اور قیام ساعت کا محض بیان واقعہ کے واسطے ہے اس اعتراض کو اوس مطلب سے کیا
علاقہ یا یون کہا جاوے کہ یہہ قول بیان فضیلت اس دن کے واسطے ہے نہ علت روزہ رکھنے اس دن کی
اور یہہ دوسرا اعتراض یہہ کیا ثانیاً دیگر محققین در حدیث جمعہ ہم آن احتمال را بجہت عدم موافقت
بسیاق و سیاق حدیث شریف قبول نفرمودہ اند امام نووی در شرح صحیح مسلم بعد قول قاضی
نوشتہ الخ مین کہتا ہون کہ یہہ بات بہی خالی تکلف سے نہین ہے اسواسطے کہ خروج حضرت
آدم کا جنت سے وجہ انکے رنج و ملال کا ہوا اور وجود ذریت اور وجود صلحا اور نبیین کا اگر
اوس سے ہے یہہ خروج بنفسہ ہرگز فضیلت نہیں ورنہ لازم آتا ہے کہ کہانا گیہون کا جو حضرت آدم
سے وقوع مین آیا موجب فضیلت ہو وقد قال اللہ تعالیٰ ولا تقربا ہذہ الشجرۃ فتکونا
حالانکہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے ...

من الظالمین وایضا قال اللہ تعالی وعصی آدم ربہ فغوی اور حضرت آدم ع کا انتقال بہی موجب فضیلت
ظالمین سے ۱۲ اور نافرمانی کی آدم نے اپنے رب کی پس بہکا ۱۲
نہین ورنہ موت انبیا علیہم السلام موجب سرور اور شادمانی ہو اور مخالفین حضرت امام حسین علیہ السلام
کی شہادت مین بہت غم کیا کرتے ہین اور اوسکے لئے مجالس منعقد کیا کرتے ہین حالانکہ اس قول کے موافق
اونکی شہادت بہی موجب قرب الہی ہے تو چاہیئے کہ اوسمین خوشی کیا کرین اور ہمارے واسطے موت
اونکی موجب نعمت الہی ہو اور ایک دلیل پچہلے علما کی کتابون مین دیکہنے مین آئی وہ یہہ ہے کہ بخاری
شریف مین حضرت عمر رض سے مروی ہے ان رجلا من الیہود قال لہ یا امیر المومنین آیۃ فی کتابکم
ایک یہودی نے حضرت عمر سے کہا ای امیر المومنین تمہارے قرآن مین ایک آیت
تقرؤنہا لو علینا معشر الیہود نزلت لاتخذنا ذالک الیوم عیدا قال ای آیۃ قال الیوم اکملت لکم دینکم
ہے جسکو تم پڑہتے ہو اگر ہم لوگون پر وہ نازل ہوتی اوسکے روز نزول کو عید مقرر کرتے حضرت عمر نے کہا وہ آیت کون سی ہے کہا وہ آیت الیوم اکملت
واتممت علیکم نعمتی ورضیت لکم الاسلام دینا فقال عمر قد عرفنا ذالک الیوم والمکان الذی نزلت علی النبی
لکم دینکم آخر ہے یعنی آج کے روز کامل کر دیا مینے تمہارا دین اور تمام کر دی مینے تمپر نعمت اپنی اور پسند کیا مینے تمہارے واسطے دین اسلام کو حضرت
صلعم وہو قایم بعرفۃ یوم الجمعۃ خیر الجاری شرح صحیح بخاری مین ہے یعنی قد اتخذنا ذالک الیوم عیدا وہکذا
نے فرمایا کہ ہمکو روز نزول اسکا معلوم ہے اور وہ جگہہ بہی کہ یہہ آیت وہان آنحضرت پر نازل ہوئی حضرت کہڑے تہے مقام عرفہ مین جمعہ کے روز یعنی مقرر کر لیا ہمنے
قال النووی انتہی مین کہتا ہون کہ یہہ حدیث بہی مفید مدعا نہین کہ روز نزول اس آیت کریمہ کا بوجہ
اوس دن کو عید اور ایسا ہی نووی نے کہا ہے ۱۲
نزول کوئی شخص خوشی نہین کرتا اور نہ اوس روز کو عید گردانتا ہے مراد حضرت امیر المومنین عمر
فاروق رض کی یہہ ہے کہ ہمکو وہ دن اور وہ مکان معلوم ہے کہ جس روز یہہ آیت نازل ہوئی اخرج
نقل
ابن جریر عن قبیصۃ بن ذویب قال قال کعب لو ان غیر ہذہ الامۃ نزلت علیہم ہذہ الآیۃ لنظروا الی
کیا ابن جریر نے قبیصہ بن ذویب سے کہا بیان کیا کعب نے اگر اہل اسلام کے سوا اور کسی امت پر یہہ آیت نازل ہوتی تو وہ اوسکے روز نزول کو یاد رکہتے
الیوم الذی انزلت فیہ علیہم فاتخذوہ عیدا یجتمعون فیہ فقال عمر وای آیۃ یا کعب قال الیوم اکملت لکم
اور اسکو عید مقرر کر لیتے کہ جمع ہوتے اسمین فرمایا عمر نے وہ کون سی آیت ہے اے کعب کہا آیت الیوم اکملت لکم دینکم کہا انہون نے جانتا ہون
دینکم فقال قد علمت الیوم الذی نزلت فیہ والمکان الذی انزلت فیہ نزلت فی یوم جمعۃ یوم عرفۃ و
مین اوسکے روز نزول اور محل نزول کو نازل ہوئی جمعہ اور عرفہ کے دن اور وہ دونون خدا کے فضل سے ہمارے واسطے عید ہین ۱۲
کلاہما بحمد اللہ تعالی لنا عید خیر الجاری کا بیان الفاظ حدیث سے مرتبط نہین اور بالفرض والتقدیر
اگر یہی معنی ہون تب بہی مراد ان صاحبون کی حاصل نہین ہوتی اسواسطے کہ کوئی شخص صحابہ مین سے

اس بدعت کو بوجہ تبدل عہد نہیں سمجھتا تھا اور نہ کبھی خوشی کرتا تھا اور متنازع فیہ بھی اسی سے اور بعض
اہل علم مجوزین سے یہ دلیل پیش کرتے ہیں کہ ذکر آنحضرت صلعم اس ہیئت مخصوصہ کے ساتھ بدعت حسنہ
ہے اور تقسیم بدعت کی کلام علما میں مصرح ہے پس مولد شریف بدعت حسنہ ہوگا جواب اسکا یہ ہے
کہ ہم پہلے محقق کر چکے ہیں کہ محدث فی الدین بدعت حسنہ نہیں ہوتا اور قول اون لوگوں کا جو
قائل تقسیم ہیں خلاف تحقیق ہے قطع نظر اسکے اوپر یہ بات بھی محقق ہو چکی کہ جو قائل بدعت حسنہ
کے ہیں اونکے نزدیک بدعت حسنہ وہ ہے کہ جسکی اصل کتاب و سنت میں پائی جاوے اور اس امر
کی اصل کتاب و سنت میں نہیں پائی جاتی اور ایک اور دلیل پیش کرتے ہیں کہ یہ امر یعنی مولد حرمین
شریفین میں ہوتا ہے اور حدیث شریف میں آیا ہے ان الدین لیارز الی الحجاز کما تارز الحیة
تحقیق دین سمٹ کر طرف حجاز کے جاویگا جیسے کہ سانپ اپنے سوراخ کی
الی جحرہا پس کیونکر فعل انکا قابل حجت نہوگا جواب اسکا یہ ہے کہ فعل علماء حرمین حجت نہیں ہے
اور اونکے اکثر اقوال کو سند میں اہل بدعت بھی حجت نہیں جانتے ابن حجر عسقلانی نے تخریج
رافعی میں کہا لو ان رجلا اخذ بقول اہل المدینة فی استماع الغناء واتیان النساء فی ادبارہن و
اگر کوئی اختیار کرے قول اہل مدینہ کا راگ سننے میں اور عورتوں کی دبر میں آنے میں اور قول اہل مکہ کا متعہ میں اور بیع صرف میں
بقول اہل مکة فی المتعة والصرف وبقول اہل الکوفة فی المسکر کان شر عباد الله انتہی ابن قیم نے
میں اور قول اہل کوفہ کا سب نشہ آوری میں ہوئیگا وہ بدترین عباد اللہ ۱۲
زاد المعاد میں کہا وقد احدث الامراء فی المدینة واہلہا امورا فی الصلوة واستمر علیہ العمل
اور بیشک ایجاد کی ہیں امرائے مدینہ اور لوگوں نے وہاں کے نماز میں بہت چیزیں اور ہمیشہ جاری ہوگیا عمل اوسپر
ولم یلتفت علی استمرارہ وعمل اہل المدینة الذین یحتج به ما کان فی زمن الخلفاء الراشدین
نہ توجہ کی گئی اونکے ہمیشہ ہونے پر اور اہل مدینہ کے عمل پر جو حجت پکڑا جاتا تھا وہ تو زمانہ خلفاء راشدین میں تھا سو اسکے فعل اہل مدینہ کا بعد
واما عملہم بعد موتہم وبعد انقراض عصر من بہا من الصحابة فلا فرق بینه وبین عمل غیرہم والسنة
خلفاء راشدین کے اور بعد گذرنے زمانہ صحابہ کے اور فعل غیر اہل مدینہ کا یکساں ہے اور سنت حکم کرتی ہے آدمیوں میں نہ عمل کسی شخص کا
یحکم بین الناس لا عمل احد بعد رسول الله صلعم وخلفائه وبالله التوفیق انتہی ملا علی قاری
بعد رسول خدا صلعم اور اونکے خلفاء کے اور ساتھ اللہ کے توفیق ہے ۱۲

شرح مشکوۃ مین لکہا وانکر الطرطوسی الاجتماع لیلۃ الختم فی التراویح ونصب المنابر وبین انہ
براجانا طرطوسی نے مجمع کرنا تراویح کے ختم کی رات مین اور کہڑا کرنا منبرون کا اور کہا کہ یہہ
بدعۃ منکرۃ قلت رحمہ اللہ ما افطنہ وقد ابتلا بہ اہل الحرمین حتی فی لیالی الختم یحصل الاجتماع
بدعت سیئہ ہے مین کہتا ہون خدا رحمت کرے طرطوسی پر عجب ہے کہ کس چیز نے بتلا دیا طرطوسی کو یہہ حالانکہ مبتلا
من الرجال والنساء والصغار والعبید ما لا یحصل فی الجمعۃ والکسوف والعید ویترتب علیہ
ہین اس بدعت مین مکہ مدینہ والے یہہ کہ شب ختم مین ازدحام مردون اور عورتون اور لڑکون اور غلامون کا اس
الفساد العدید والمنکر الحدید ویستقبلون النار ویستدبرون بیت الملک الجبار ویقفون
کثرت سے ہوتا ہے کہ مثل اوسکے مجمع جمعہ اور کسوف وعیدین مین بہی نہین ہوتا اور مترتب ہوتے ہین اسپر بہت فساد اور بڑے منکرات
علی ہیئۃ عبدۃ النیران فی صحن المطاف حتی یضیق علی الطائفین المکان ویشوشون علیہم
اور منہ کرتے ہین لوگ طرف آگ کے اور پیٹہ کر دیتے ہین طرف بیت اللہ شریف کے اور کہڑے ہوتے ہین آتش پرستون کی طرح
وعلی غیرہم من الذاکرین والمصلین وقراء القرآن فی ذلک الزمان فنسئل اللہ العفو والعافیۃ
میدان طواف مین حتی کہ طواف کرنیوالون کو جگہ طواف کی نہین رہتی اور گہبرا دیتے ہین طواف کرنیوالون اور خدا کے ذکر کرنیوالون
والغفران واللہ المستعان انتہی عینی نے بخاری کی شرح مین متعلق حدیث ان الدین لیارز
اور علم حاصل کرنیوالون اور قرآن پڑہنے والون کو اوسوقت مین پس طلب کرتے ہین ہم اللہ سے عفو اور عافیت وغفران کو اور اللہ مستعان ہے ۱۲
الی المدینۃ کما تارز الحیۃ الی حجرہا لکہا قال الداودی کان ہذا فی حیاۃ النبی صلعم والقرن
کہا داودی نے تہا سمٹنا دین کا مدینہ مین زمانہ جناب نبی صلعم اور اوس قرن مین
الذی کان فیہم والذین یلونہم والذین یلونہم خاصۃ لانہ کان الامر مستقیما وقال القرطبی
کہ تہے حضرت اوسمین اور قرن صحابہ وتابعین مین تہا خاصۃ اسواسطے کہ تہا دین مستقیم اور کہا قرطبی نے اس حدیث مین تنبیہ ہے صحت مذہب
فیہ تنبیہ علی صحۃ مذہبہم وسلامتہم من البدع وان عملہم حجۃ کما رواہ مالک قلت ہذا انما کان
